

بانٹوا میمن جماعت کا ترجمان
ماہنامہ
میمن سماج
اردو، گجراتی
بانٹوا میمن جماعت
قیام: 2 جون 1950
اکتوبر 2020ء ربیع الاول ۱۴۴۲ھ
عالم اسلام، اہل وطن، میمن برادری بانٹوا میمن برادری کو
جشن عید میلاد النبی ﷺ مبارک ہو


رسول اللہ ﷺ کی مہر
ہم نے آپ کو (اے نبی ﷺ) سارے جہاں
کے لیے رحمت بنا کر بھیجا
سورۃ الانبیاء پارہ ۱۷ آیت ۱۰۷

بسم اللہ الرحمن الرحیم

شانِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

نعتیہ کلام

(مع) ترجمہ

حضرت شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ

بلغ العلیٰ بکمالہٖ

پہنچے بلندی کو اپنے کمال سے

کشف الدجیٰ بجمالہٖ

دور کردیا اندھیرے کو اپنے جمال سے

حسنت جمیع خصالہٖ

حسین ہیں ان کی سب خصلتیں

صلوا علیہ وآلہٖ

درود بھیجو ان پر اور ان کی آل پر

بانٹوا میمن جماعت کا ترجمان

માસિક
મેમણ
સમાજ
ઉર્દૂ-ગુજરાતી

ماہنامہ

میمن سماج

کراچی

اردو۔ گجراتی

Monthly
Memon
Samaj
Urdu-Gujrati



مدیر اعزازی: انور حاجی قاسم محمد کاپڑیا

پبلشر: عبدالجبار علی محمد بدو

فی شمارہ: 50 روپے

- ایک سال کی خریداری (مع ڈاک خرچ): 500 روپے
- پیٹرن (سرپرست) 10,000 روپے
- لائف ممبر: 4000 روپے

اکتوبر 2020ء

ربیع الاول ۱۴۴۲ھ

شمارہ: 10

جلد: 65

021-32768214
021-32728397
Website : www.bmjr.net
E-mail: bantvamemonjamat01@gmail.com

زیر نگرانی

بانٹوا میمن جماعت (رجسٹرڈ) کراچی

پتہ: بانٹوا میمن جماعت خانہ، متصل جوہرالی حاجیانی اسکول، یعقوب خان روڈ، نزد روبیہ مینشن، کراچی۔

Regd. No. SS-43

Printed at : City Press Ph: 32438437

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

اداریہ

حضور اکرم ﷺ کا اسوۂ حسنہ اور ہماری معاشرتی زندگی

Mr. Anwer Kassam M. Kapadia

اللہ رب العزت کا لاکھ لاکھ احسان ہے کہ اس نے ہمیں اپنے اس نبی کریم ﷺ کی امت میں پیدا فرمایا۔ جو خاتم الانبیاء بھی تھے اور ہیں رحمت للعالمین بھی۔ آپ ﷺ بلاشبہ اس پوری دنیا اور کائنات کے سب سے بڑے رہبر کامل تھے، ہیں اور رہیں گے۔ اللہ تعالیٰ کے حبیب ﷺ نے ایک منفرد انداز سے زندگی بسر کی اور اپنی حیات مبارکہ کے ذریعے ہمیں سادگی کا وہ درس دیا جو تاقیامت نسل انسانی کی بنیاد اور اساس بنا رہے گا۔

اللہ تعالیٰ کے آخری نبی تاجدار انبیاء حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ نے ہمیں نیکی کا درس دیا۔ آپ ﷺ کی تعلیمات رہتی دنیا تک کے لیے سرچشمہ ہدایت ہیں۔ اس آفتاب رسالت ﷺ نورانی نے دنیا کو جن اسلامی تعلیمات اور احکامات الٰہیہ سے روشناس کرایا وہ اپنی جگہ یک ہدایات عظیمہ ہیں۔ اسلام دین فطرت ہے۔ یہ زندگی کے ہر معاملے میں فطرت انسانی پر قائم رہنے کا حکم دیتا ہے۔ چاہے وہ خوشی کا موقع ہو یا غمی کا، عید ہو، شب برات یا پھر محرم الحرام۔۔ اسلامی تعلیمات نے زندگی کے ہر شعبے میں سادگی اور میانہ روی اختیار کرنے کا حکم دیا ہے۔ اللہ کے رسول ﷺ تو اللہ کے حبیب ﷺ ہیں۔ آپ ﷺ چاہتے تو آپ ﷺ کے ایک اشارے اور ایک فرمائش پر ساری دنیا کے خزانوں کے منہ کھل جاتے۔ دنیا زمانے کی نعمتیں اور آسائشیں آپ ﷺ کے لیے حاضر کر دی جائیں۔ پلک جھپکنے میں آپ ﷺ کی فرمائش کردہ چیز حاضر خدمت ہو جاتی۔ مگر ایسا کچھ نہیں ہوا۔ ایسا ہو بھی نہیں سکتا تھا کیونکہ آقائے دو جہاں ﷺ پوری دنیا اس پوری کائنات کے لیے نمونہ کامل بن کر تشریف لائے ہیں۔

آپ ﷺ نے اپنے کردار اور اپنے ہر ہر عمل سے دنیا کے سامنے ایک ایسا نمونہ پیش کیا کہ غیر مسلم بھی حیران رہ گئے۔ اللہ تعالیٰ کے حبیب ﷺ نے پوری معاشرتی زندگی سادگی میں بسر کی۔ سادہ مزاج رکھا۔ سادہ غذا استعمال کی بلکہ یہ کہنا چاہیے کہ سرور دو عالم ﷺ ہوتے ہوئے بھی آپ ﷺ نے روکھی سوکھی کھا کر اپنے خالق و مالک کا شکر ادا کیا اور اس فقر و فاقے پر فخر کیا۔ آپ ﷺ نے موٹا اور معمولی کپڑا استعمال کیا جس میں کوئی نمائش زری یا کوئی آرائش نہ تھا۔ یہ لباس انتہائی حد تک سادہ ہوتا تھا۔ آپ کا طرز زندگی اور رہن سہن سادگی کا جیتا جاگتا نمونہ تھا۔ آپ ﷺ نے

ساری دنیا کے سامنے سادگی کا جو عملی مظاہرہ کیا بعد میں اس کی امت مسلمہ نے بھی پیروی کی اور کیوں نہ کرتی؟

یہ آخران سب کے آقا ﷺ کا طریقہ تھا۔ خلافت راشدہ تک یہ سادگی اور رسول کریم ﷺ کی مکمل تقلید برقرار رہی مگر اس کے بعد آہستہ آہستہ مسلمانوں نے اس راستے سے اجتناب شروع کردیا جو ان کے آقا اور ہادی ﷺ کا راستہ تھا وہ ان تعلیمات کو فراموش کر بیٹھے جو اسلام کا فخر اور سرمایہ عظیم تھیں۔ ہم ایک اسلامی معاشرے کے رکن ہیں۔ ہمیں اس معاشرے میں ہر موقع پر چاہے وہ غم کا موقع ہو یا خوشی کا سادگی کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوڑنا چاہیے۔ رسول پاک ﷺ کے بتائے ہوئے راستوں پر اپنی زندگی کو ڈھالیں، دوسروں کے کام آئیں، ان کے دکھ درد کے حصے دار بنیں، سادگی اپنائیں اور دوسروں کو بھی اپنی زندگیاں سادگی سے بسر کرنے کی تلقین کریں۔ برادری کے مخیر حضرات اس نیک کام میں آگے آکر اپنا کردار ادا کریں۔

سماجی فلاح و بہبود اور معاشرتی رفاہ کے کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں، ضرورت مندوں، غریبوں، مسکینوں، یتیموں، ناداروں، محتاجوں اور بیواؤں کی حسب استطاعت مدد کریں۔ یہ سب کیا ہے؟ یہی اسوہ حسنہ ﷺ ہے۔ جب ہم یہ سب کام کرلیں گے اور ان سرگرمیوں میں اپنا اپنا حصہ ڈالیں گے تو ہمارے اقوال و افعال سب حضور اکرم ﷺ کی تعلیمات کے عین مطابق ہوجائیں گے اور پھر امید کی جاسکتی ہے کہ شاید اللہ رب العزت ہماری ان ادنیٰ کوششوں کی وجہ سے اور رسول پاک ﷺ کے نام لیوا ہونے کے سبب شاید بخشش کا سامان فرمادے (آمین)۔ آج جب ہماری بیٹیاں بیاہی جاتی ہیں تو خاتون جنت حضرت بی بی فاطمۃ الزہرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا جیسی سادگی سے نہیں بیاہی جاتیں۔ لڑکی کے والدین کے پاس پگڑی اور جہیز وغیرہ کی بے جا نمائش کے لئے لاکھوں روپے نہ ہوں تو وہ اپنی لڑکی کے ہاتھ پیلے نہیں کرسکتے۔ ہم یہ نہ سمجھیں کہ ہمارا صرف یہی عمل غیر اسلامی ہے بلکہ ہر موقع پر فضول خرچی اور بے راہ روی کو روکنے کے لئے اسلام نے جو تاکید کی ہے اس پر ہم بالکل توجہ نہیں دیتے اور اپنے پیارے نبی ﷺ کے اسوہ حسنہ سے بھی بے پروائی برت رہے ہیں، ہم درحقیقت بے راہ روی کی روش پر چل پڑے ہیں۔ جس کی وجہ سے ہماری معاشرتی اصلاح کی جو بھی کوششیں انفرادی یا اجتماعی طور پر کی جارہی ہیں ان میں خاطر خواہ کامیابی نہیں مل پارہی۔

اللہ تعالیٰ کی ہدایت کو فراموش کرنے اور اس کے محبوب ﷺ کی تعلیمات سے روگردانی نے امت مسلمہ کو پستی کی جانب دھکیلنا شروع کردیا۔ آج صورت حال یہ ہے کہ اہل ایمان ساری دنیا میں آزمائشوں میں مبتلا ہوگئے ہیں۔ پریشانیوں مصائب و آلام میں گرفتار ہیں اور انہیں اس منجدھار سے نکلنے کی کوئی ترکیب نہیں سوجھ رہی ہے حالانکہ اس مسئلے کا صرف ایک ہی آسان حل ہے۔ اور وہ ہے تعلیمات نبوی ﷺ کو اختیار کرنا۔ رسول کریم ﷺ کی پیروی کرنا۔ اگر ہم ایک بار پھر سادگی کو اپنائیں اور حضور اکرم ﷺ کے بتائے ہوئے راستے پر چلنا شروع کردیں تو ایک بار پھر ہم اپنا کھویا ہوا وقار اور اپنا اسلامی مقام حاصل کرسکتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہمیں اپنے آخری نبی ﷺ کی تعلیمات پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے (آمین)۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ ہم حضور اکرم ﷺ کی سب سے بڑی صفت یعنی رحمت کو عام کریں۔ آپس میں بھائی بھائی بن جائیں۔ اپنے سارے اختلافات بھلادیں۔ بڑوں اور بزرگوں کا احترام کریں۔ بچوں پر شفقت کریں اور اس کردار و عمل کا اظہار کریں کہ سارے پاکستان پر، سارے عالم اسلام پر رحمتوں کی بارش ہو۔ حضور اکرم ﷺ نے اپنی زندگی میں ہمیشہ سادگی کو اپنایا اور سادگی کی ہی تلقین کی۔ بانٹوا میمن برادری کو بھی اپنی شادی بیاہ کی تقریبات میں سادگی کو اپنا شعار بنانا چاہیے۔

آیئے ہم عید میلاد النبی ﷺ کے موقع پر عہد کریں کہ اپنی عملی زندگی کو تعلیمات رسول ﷺ کے مطابق ڈھالیں گے۔ بلاشبہ ذلت و

رسوائی سے نجات کا واحد راستہ قرآن و سنت پر عمل کرنے میں ہی ہے۔ آیئے دعا کریں کہ اس مبارک مہینے میں ہم ایک دوسرے کے بھائی بھائی بن جائیں۔ اللہ ہم سب کو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول اکرم ﷺ کی اطاعت کرنے کی توفیق اور ہمت دے۔ آمین ثم آمین

نیک خواہشات اور پرخلوص دعاؤں کا طالب

ادنیٰ خادم

انور حاجی قاسم محمد کاپڑیا

مدیر اعزازی ماہنامہ میمن سماج کراچی

احتیاط کیجیے زندگی بہت قیمتی ہے

اک ذرا سی غلطی سے

سب کچھ جل کر خاک ہوگیا

کیسے ہماری چھوٹی سی غلطی اکثر بڑے حادثے کا باعث بن جاتی ہے

☆ چولہا کھلا رہ گیا
☆ اسٹارٹ موٹر سائیکل پہ بچے کو بٹھا کر سگریٹ پیا
☆ لٹکتے پلو کے ساتھ کھانا پکایا
☆ چلتے ہوئے جنریٹر میں پیٹرول ڈال دیا
☆ بچے کو گود میں لے کر گرم چائے پی
☆ گیس ٹھیک سے بند نہیں کی
☆ بجلی کا کھلا تار بچوں کی رسائی میں آ گیا
☆ کھولتا پانی زمین پر رکھ دیا
☆ بجلی کے ایک سوکٹ پہ بہت سے کنکشن لگا دیے
☆ سلگتا سگریٹ زمین پر پھینک دیا
☆ چارج ہوتا ہوا موبائل کان سے لگالیا
☆ بجلی کا کنڈا ڈالنے کی کوشش کی
☆ آگ پکڑنے والی اشیاء کو آگ سے دور نہ رکھا
☆ زیر زمین ٹینک میں لائٹر یا دیا سلائی روشن کی

اور آگ بھڑک اٹھی

☆ آنکھ کھلی رکھیے ☆ آنچ دھیمی رکھیے

ذوالجلال والاکرام

حمد

جناب ابرار امیر

اے اللہ پاک رب ذوالجلال
دوجہاں کی نعمتوں سے کر نہال

چاند، سورج، کہکشاں میں تیرا نور
یہ جہان رنگ و بو، تیرا جمال

تو نے پیدا کی ہے ساری کائنات
آسمان بے ستوں تیرا کمال

زلزلے، سیلاب اور بیماریاں
مجھ کو ان آفات سے یارب نکال

یاد کرتا ہوں تجھے، دن رات میں
ذکر تیرا ہر گھڑی تیرا خیال

بجلیاں، طوفان اور باد سموم
اہل عالم کے لیے تیرا جلال

کر دیا ہے مجھ کو دنیا نے اسیر
یا الٰہی اپنی الفت دل میں ڈال

نعت ﷺ

پروفیسر محمد کاشف قادری

ذکر خیر الانام کرتا ہوں
اپنا سب ان کے نام کرتا ہوں

مدحت مصطفیٰ ﷺ کے صدقے میں
میں اللہ سے کلام کرتا ہوں

کچھ نہیں میں غلام ہوں ان کا
رفعتوں میں قیام کرتا ہوں

گر ہو زائر کوئی مدینے کا
اس کو جھک کر سلام کرتا ہوں

اب بلا لیجیے مرے آقا ﷺ
یہ دعا صبح و شام کرتا ہوں

ان کے پیاروں کی پیاری نسبت سے
اپنا اعلیٰ مقام کرتا ہوں

آپ کے نام پر ہی اے کاشف
اپنی دنیا تمام کرتا ہوں

صلی اللہ علیہ وسلم

جشن عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم

کی خوشیاں مبارک ہوں

بانٹوا میمن جماعت (رجسٹرڈ) کراچی

کے تمام معزز عہدیداران اور مجلس عاملہ کے اراکین

کی جانب سے عالم اسلام، اہل وطن، میمن برادری اور پوری بانٹوا میمن برادری کو

جشن عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم

کی تہہ دل سے پر خلوص مبارک باد

پیش کرتے ہیں

صلی اللہ علیہ وسلم

نگاہ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

تو غنی از ہر دو عالم من فقیر
روزِ محشر عذر ہائے من پذیر
ور حسابم را تو بینی ناگزیر
از نگاہِ مصطفیٰ ﷺ پنہاں بگیر

(علامہ محمد اقبال)

ترجمہ: اے اللہ میں تیرا منگتا ہوں اور تو دو عالم کو عطا کرنے والا ہے، روزِ محشر میرا عذر قبول فرمانا، اگر میرے اعمال کا حساب ناگزیر ہو جائے تو پھر اے مالک و مولیٰ! اسے میرے آقا محمد مصطفیٰ ﷺ کی نگاہوں سے پوشیدہ رکھنا۔

نعمت عظمیٰ، اہل ایمان پر اللہ تعالیٰ کا احسان عظیم

سرور کائنات حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی سیرت طیبہ

تحریر: حاجی محمد حنیف طیب، سابق وفاقی وزیر، ممتاز سماجی، سیاسی اور مذہبی رہنما


Mr. Hanif Tayyab

رب تعالیٰ نے تمام عالم پر اپنی ہزاروں نعمتیں عطا کیں، لیکن کسی نعمت کا احسان نہیں جتایا، جب نعمت مصطفیٰ ﷺ سے نوازا تو رب کریم نے احسان کرتے ہوئے ارشاد فرمایا: "بے شک اللہ کا بڑا احسان ہوا مسلمانوں پر کہ ان میں ان ہی میں سے پاک رسول بھیجا۔ جو ان پر اس کی آیتیں پڑھتا اور انہیں پاک کرتا اور انہیں کتاب وحکمت سکھاتا ہے اور وہ ضرور اس سے پہلے کھلے گمراہی میں تھے۔" (سورہ آل عمران) بلاشک وشبہ نبی کریم ﷺ کی ذات مبارک اللہ تعالیٰ کی طرف سے نعمت عظمیٰ ہے۔

دنیا کی دیگر نعمتیں عارضی اور فانی ہیں کہ وہ ملتی تو ہیں مگر انہیں فنا ہے یا انسان مرجاتا ہے اور یہ نعمتیں خود بخود چھوٹ جاتی ہیں۔ ماں، باپ، بھائی، بہن، بیوی، بچے، گھر، دولت، سامان آسائش سب نعمتیں ہیں لیکن سب ہی فنا ہو جانے والی ہیں۔ رب تعالیٰ نے دنیوی نعمتوں کے بارے میں ارشاد فرمایا "دنیا کا سامان بہت تھوڑا ہے اور آخرت زیادہ بہتر ہے۔" جب اس بات کی وضاحت خود قرآن نے دے دی کہ دنیوی ساز وسامان کی کوئی حیثیت نہیں ہے اور آخرت ہی سب سے بہتر ہے تو پھر ہم اس نعمت عظمیٰ کا چرچا خوب کریں گے کہ جس کی بارگاہ میں سیدنا حضرت ابوبکرؓ آئے اور صدیق کے لقب سے ملقب ہوئے، سیدنا حضرت عمرؓ نے اسلام قبول کیا تو فاروق اعظمؓ بن گئے، سیدنا حضرت عثمانؓ غلامی مصطفیٰ ﷺ میں آئے تو غنی وذوالنورین بن گئے، سیدنا حضرت علی المرتضیٰؓ اسلام کی آغوش میں آئے تو شیر خدا بن گئے۔

نعمت عظمیٰ ایسی نعمت ہے جس کے صدقے ہمیں ابدی نعمتیں ایمان، قرآن، نماز، روزہ، حج، زکوۃ اور تمام نیکیاں ملیں اور مرنے کے بعد بھی ان ہی کا ثواب ہمیں ملتا رہے گا اور یہی نعمت عظمیٰ کی قیامت کے دن ہمارے کام آئے گی۔ چنانچہ رب تعالیٰ کی نعمت عظمیٰ اور ہمارے آقا ومولیٰ سید عالم نور مجسم ﷺ سے حضرت انسؓ نے ایک دن عرض کیا، یا رسول اللہ ﷺ قیامت کے دن ہم آپ کو کہاں تلاش کریں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: میں تین مقامات میں سے کسی ایک پر موجود ہوں گا

یا تو میزان پر جہاں میری امت کے اعمال وزن ہوں گے اگر کسی کی نیکیاں کم ہوں گی تو میں انہیں پورا کردوں گا یا پھر تم مجھے حوض کوثر پر پاؤ گے کہ میں اپنی پیاسی امت کو برف سے زیادہ ٹھنڈا، شہد سے زیادہ میٹھا، دودھ سے زیادہ سفید پانی پلا رہا ہوں گا جس کے پینے کے بعد پھر کبھی پیاس نہ لگے گی یا پھر تم مجھے پل صراط پر دیکھو گے جو بال سے زیادہ باریک اور تلوار سے زیادہ تیز ایک راستہ ہے، جس پر سے خیریت کے ساتھ گزرنے والے جنت میں داخل ہوں گے اور اس سے کٹ جانے والے جہنم میں گر پڑیں گے میں یہاں اپنی امت کے خیریت سے گزر جانے کی دعا کرتا رہوں گا، اے میرے رب میری امت کو سلامتی سے گزار دے (مدارج النبوۃ)

سورۂ آل عمران کی آیت مبارکہ میں پروردگار نے مسلمانوں پر احسان جتایا، احسان اسی پر جتایا جاتا ہے جو اس نعمت سے پورا پورا فیض یاب ہو اور وہ مسلمان ہی ہیں جنہوں نے رسول اکرم ﷺ کی رسالت کا اعتراف کیا، ان کی اتباع و پیروی کا عہد کیا اور خیر امت جیسی صفت سے موصوف ہوئے۔ جب بھی حضور اکرم ﷺ کی عظمت کو کفار نے کم کرنے کی کوشش تو نبی کریم ﷺ کی طرف سے رب تعالیٰ نے ایسا جواب دیا کہ وہ تا قیامت پڑھا جائے گا۔ کافروں نے سید عالم ﷺ پر یہ اعتراض کیا تھا کہ وہ نکاح کرتے ہیں اگر نبی ہوتے تو دنیا ترک کر دیتے، بیوی بچوں سے کچھ واسطہ نہ رکھتے۔ اس مالک بحر و بر عزوجل نے کفار کے اس اعتراض کا جواب دیتے ہوئے یہ آیت مبارکہ اپنے محبوب کبریا ﷺ پر نازل فرمائی: ''بے شک ہم نے تم سے پہلے رسول بھیجے اور ان کے لیے بیویاں اور بچے کیے۔'' یعنی بیوی، بچے اور دنیوی تعلقات کا ہونا عین کمال ہے۔ محبوب رب العالمین ﷺ کی ذات مبارکہ سے جو منسوب ہوا اسے رب العالمین نے دائمی عظمت بخش دی۔

ذکر نعمت: اللہ تبارک و تعالیٰ نے ذکر نعمت کے حوالے سے اپنی لاریب کتاب میں وضاحت کے ساتھ ارشاد فرمایا کہ قوم کو وہ خصوصی ایام یاد دلائے جانا چاہئیں، جن میں اسے رب العزت کا کوئی خاص انعام ملا جیسا کہ ارشاد ہوا: ترجمہ ''اور انہیں یاد دلایئے اللہ کے دن'' (سورۂ ابراہیم) یہاں بات حضرت موسیٰ علیہ السلام کی ہے کہ انہیں یہ حکم دیا گیا کہ وہ اپنی قوم بنی اسرائیل کو خدا کے وہ خاص دن یاد دلایا کریں جن میں انہیں فرعون کے ظلم و ستم سے نجات ملی۔ ان میں من سلویٰ نازل ہوا اور اسی قسم کے دوسرے دن جن میں انہیں انعامات سے نوازا گیا تو جب حضرت موسیٰ علیہ السلام کو یہ حکم دیا گیا کہ وہ اپنی قوم سے اللہ کے خاص دنوں کو یاد کرائیں تو یقیناً اس نعمت عظمیٰ کا ذکر عین مرضی الٰہی کے مطابق ہے جس کے ذکر کو رب تعالیٰ نے بلند بھی فرمایا اور اسے اپنا ہی ذکر قرار دیا۔ اللہ تعالیٰ قرآن میں فرماتا ہے: ترجمہ ''اور ہم نے تمہارے لیے تمہارے ذکر کو بلند کر دیا۔'' (سورۂ الانشراح) دوسری جگہ مالک عرش و فرش نے ارشاد فرمایا: ''اور اپنے رب کی نعمتوں کا خوب چرچا کرو۔'' (سورۂ الانشراح)

شکر نعمت: نبی کریم ﷺ جب مدینہ تشریف لائے تو آپ کو معلوم ہوا کہ یہودی عاشورہ کے دن روزہ رکھتے ہیں۔ جب کچھ یہودیوں سے اس روزے کی وجہ معلوم کی گئی تو انہوں نے بتایا کہ یہ عاشورہ وہ تاریخ ہے جس میں اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قوم بنی اسرائیل کو فرعون سے نجات دلائی تو ہم اس نعمت پر شکر کرتے ہوئے یہ روزہ رکھتے ہیں۔ نبی کریم ﷺ نے یہ جاننے کے بعد ارشاد فرمایا: ''ہم تمہاری بہ نسبت موسیٰ علیہ السلام سے زیادہ قریب ہیں تو آپ نے خود روزہ رکھا اور روزہ رکھنے کا حکم دیا۔'' اسی لیے عاشورہ کا روزہ مستحب ہوتا باقی ہے، کسی نے اسے حرام قرار نہیں دیا، رحمۃ اللعالمین ﷺ نے خود اپنے پیشرو نبی حضرت موسیٰ علیہ السلام کی یاد کو باقی رکھنے اور ان کی نجات کا دن منانے کی اجازت دی تو نعت مصطفیٰ ﷺ کہ جن کے صدقے دنیوی و اخروی نعمتیں ملیں تو اس دن فرحت و مسرت کا اظہار کرنا کتنی بڑی نیکی اور شکر گزاری ہے۔ خود صاحب شریعت ﷺ نے بھی اپنی پیدائش کا دن یاد رکھا۔

حضرت ابوقتادہؓ نے بیان کیا کہ نبی آخرالزماں ﷺ پیر کے دن روزہ رکھا کرتے تھے۔ جب آپ ﷺ سے اس روزے کے متعلق پوچھا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا "اسی دن میں پیدا ہوا اور اسی دن مجھ پر قرآن نازل ہوا"۔ یعنی یہ روزہ اس دن میں کسی خوبی کی وجہ سے نہیں رکھا جاتا ہے جو پیر کے دن نصیب ہوئیں۔ ایک میری (حضور ﷺ کی) پیدائش دوسرے نزول قرآن کی ابتدا۔ یعنی خود نعمت عظمیٰ ﷺ کی سنت ہے کہ اس دن فرحت و مسرت کا اظہار کیا جائے۔ رب ذوالجلال سے دعا ہے کہ اس دن میں شکر ادا کرنے کی توفیق مرحمت عطا فرمائے۔

حدیث رسول ﷺ

"اگر کوئی مسلمان درخت لگاتا ہے یا کھیت بوتا ہے جس سے انسان، چرند، پرند روزی حاصل کرتے ہیں تو یہ اس کے لیے صدقہ ہے۔"

بانٹوا میمن جماعت (رجسٹرڈ) کراچی کا ترجمان اور برادری کا ہردلعزیز
"ماہنامہ میمن سماج" اپنے قارئین کرام، قلمکاروں،
اشتہارات دینے والے صاحبان
بانٹوا میمن برادری اور پوری میمن برادری کے تمام اداروں کے
عہدیداران اور اراکین مجلس عاملہ کو

جشن عید میلاد النبی ﷺ

تہہ دل سے پر خلوص مبارک باد پیش کرتے ہیں

انور حاجی قاسم محمد کاپڑیا
مدیر اعزازی ماہنامہ میمن سماج کراچی

عبدالجبار علی محمد بدو
پبلشر ماہنامہ میمن سماج کراچی

تو (دعا)

گجراتی کلام :عمر جیت پوری (مرحوم)

(اصل نام : عمر امین گوڈیل)

اردو ترجمہ :کھتری عصمت علی پٹیل

میرے اجڑے ہوئے باغ میں نئے پھول کھلا تو
روشن دیا میرے گھر میں دوبارہ جگمگا تو

مجھے جو رنجشوں نے گھیر لیا ہے اب اس شب کو پگھلا دے تو
ہماری جاہ و جلالی کو دوبارہ لوٹا دے تو

خاموش ہماری دنیا میں گنگناتا تو
اجڑی ہوئی ہماری دنیا کو پھر سے بسا تو

ہماری ناؤ ہچکولے کھا رہی ہے اس کو کنارے لگا تو
ہمارے آنکھ کے بہتے ہوئے آنسوؤں کو خشک کر دے تو

حقیقت کے نئے سبب کچھ ہم کو اب پڑھا تو
مذہب کے کچھ رنگ سے ہم کو اب رنگ دے تو

ہم میں جو کوتاہیاں ہیں ان سب کو جلا تو
سچائی کے راستے پہ ہمارے پاؤں کو جما تو

سب سے اعلیٰ اصولوں کو ہمارے اندر سما تو
ہماری شان دنیا میں اعلیٰ بنا تو

دور تک دیکھ سکے کچھ عمر ایسا جذبہ قائم کر تو
اس کی عجب آنکھیں اب کھلاؤ تو

دُعا

اللہ مجھے دے

استقامت دے

کہ قبول کر سکوں اُسے جسے بدل نہ سکوں

ہمت دے

[illegible]

عقلِ سلیم دے

[illegible]

پیارے رسول ﷺ کے آخری ایام

ملک کے ممتاز ایٹمی سائنس داں اور دانشور ڈاکٹر عبدالقدیر خان کے قلم سے

Mr. Abdul Qadeer Khan

جو لوگ میرا کالم بہت شوق و محبت سے پڑھتے ہیں۔ ان کی خدمت میں رسول اللہ ﷺ کے چند آخری ایام کی تفصیلات پیش کر رہا ہوں۔ وفات سے تین روز قبل جبکہ حضور اکرم ﷺ ام المومنین حضرت میمونہؓ کے گھر تشریف فرما تھے ارشاد فرمایا کہ "میری بیویوں کو جمع کرو۔" تمام ازدواج مطہرات جمع ہوگئیں تو حضور اکرم ﷺ نے دریافت فرمایا "کیا تم سب مجھے اجازت دیتی ہو کہ بیماری کے دن میں عائشہ (رضی اللہ عنہا) کے ہاں گزار لوں؟"

سب نے کہا "اے اللہ کے رسول ﷺ آپ کو اجازت ہے۔"

پھر اٹھنا چاہا لیکن اٹھ نہ پائے تو حضرت علی ابن ابی طالبؓ اور حضرت فضل بن عباسؓ آگے بڑھے اور نبی ﷺ کو سہارے سے اٹھا کر سیدہ میمونہؓ کے حجرے سے سیدہ عائشہؓ کے حجرے کی طرف لے جانے لگے۔ اس وقت صحابہ کرامؓ نے حضور اکرم ﷺ کو اس (بیماری اور کمزوری) حال میں پہلی بار دیکھا تو گھبرا کر ایک دوسرے سے پوچھنے لگے رسول اللہ (ﷺ) کو کیا ہوا؟ چنانچہ صحابہ مسجد میں جمع ہونا شروع ہوگئے اور مسجد شریف میں ایک رش ہوگیا۔ آنحضرت ﷺ کا پسینہ شدت سے بہہ رہا تھا۔ حضرت عائشہ فرماتی ہیں کہ میں نے اپنی زندگی میں کسی کا اتنا پسینہ بہتے نہیں دیکھا۔ اور فرماتی ہیں میں رسول اللہ ﷺ کے دست مبارک کو پکڑتی اور اس کو چہرہ اقدس پر پھیرتی کیونکہ نبی ﷺ کا ہاتھ میرے ہاتھ سے کہیں



زیادہ محترم اور پاکیزہ تھا۔ مزید فرماتی ہیں کہ حبیب خدا ﷺ سے بس یہی ورد سنائی دے رہا تھا کہ "لا الہ الا اللہ، بیشک موت کی بھی اپنی سختیاں ہیں" اسی اثناء میں مسجد کے اندر آنحضرت ﷺ کی بیماری کے بارے میں خوف کی وجہ سے لوگوں کا شور بڑھنے لگا۔ آپ ﷺ سے دریافت فرمایا یہ کیسی آوازیں ہیں۔ عرض کیا گیا کہ اے اللہ کے رسول ﷺ یہ لوگ آپ کی حالت سے خوف زدہ ہیں۔ ارشاد فرمایا کہ مجھے ان کے پاس لے چلو۔ پھر اٹھنے کا ارادہ فرمایا لیکن اٹھ نہ سکے تو آپ ﷺ پر سات مشکیزے پانی کے بہائے گئے، تب کہیں جا کر کچھ افاقہ ہوا تو سہارے سے اٹھا کر منبر پر لایا گیا۔ یہ رسول اللہ ﷺ کا آخری خطبہ تھا اور آخری کلمات تھے۔

فرمایا: "اے لوگو! شاید تمہیں میری موت کا خوف ہے؟"

سب نے کہا: "جی ہاں اے اللہ کے رسول ﷺ"

ارشاد فرمایا! "اے لوگو! تم سے میری ملاقات کی جگہ دنیا نہیں، تم سے میری ملاقات کی جگہ حوض (کوثر) ہے، اللہ کی قسم گویا کہ میں یہیں سے اسے (حوض کوثر) کو دیکھ رہا ہوں، اے لوگو! مجھے تم پر تنگدستی کا خوف نہیں بلکہ مجھے تم پر دنیا کی فراوانی کا خوف ہے کہ تم اس کے معاملے میں ایک دوسرے سے مقابلے میں لگ جاؤ جیسا کہ تم سے پہلے والے لگ گئے، اور یہ دنیا تمہیں بھی ہلاک کرے جیسا کہ انہیں ہلاک کر دیا۔" پھر مزید ارشاد فرمایا: "اے لوگو! نماز کے معاملے میں اللہ سے ڈرو، اللہ سے ڈرو۔" (یعنی عہد کرو کہ نماز کی پابندی کرو گے، اور یہی بات بار بار دہراتے رہے)۔

پھر فرمایا: "اے لوگو! عورتوں کے معاملے میں اللہ تعالیٰ سے ڈرو، عورتوں کے معاملے میں اللہ سے ڈرو، میں تمہیں عورتوں سے نیک سلوک کی وصیت کرتا ہوں۔" مزید فرمایا: "اے لوگو! ایک بندے کو اللہ نے اختیار دیا کہ دنیا کو چن لے یا اسے چن لے جو اللہ کے پاس ہے، تو اس نے اسے پسند کیا جو اللہ کے پاس ہے" اس جملے سے حضور اکرم ﷺ کا مقصد کوئی نہ سمجھا حالانکہ ان کی اپنی ذات مراد تھی۔ جبکہ حضرت ابوبکر صدیق وہ تنہا شخص تھے جو اس جملے کو سمجھے اور زار و قطار رونے لگے بلند آواز سے گریہ کرتے ہوئے اٹھ کھڑے ہوئے اور پکارنے لگے۔ "ہمارے باپ دادا آپ ﷺ پر قربان، ہماری مائیں آپ ﷺ پر قربان، ہمارے بچے آپ ﷺ پر قربان، ہمارے مال و دولت آپ ﷺ پر قربان" روتے جاتے ہیں اور یہی الفاظ کہتے جاتے تھے۔ صحابہ کرامؓ (ناگواری سے) حضرت ابوبکر صدیقؓ کی طرف دیکھنے لگے کہ انہوں نے نبی ﷺ کی بات کیسے قطع کر دی؟ اس پر نبی اکرم ﷺ نے حضرت ابوبکرؓ کا دفاع ان الفاظ میں فرمایا "اے لوگو! ابوبکر کو چھوڑ دو کہ تم میں سے ایسا کوئی نہیں جس نے ہمارے ساتھ کوئی بھلائی کی ہو اور ہم نے اس کا بدلہ نہ دے دیا ہو، سوائے ابوبکر کے کہ اس کا بدلہ نہیں دے سکا۔ اس کا بدلہ میں نے اللہ جل شانہ پر چھوڑ دیا۔

مسجد نبوی ﷺ میں کھلنے والے تمام دروازے بند کر دیے جائیں سوائے ابوبکر کے دروازے کے کہ جو کبھی بند نہ ہوگا۔" آخر میں اپنی وفات سے قبل مسلمانوں کے لیے آخری دعا کے طور پر ارشاد فرمایا: "اللہ تمہیں ٹھکانہ دے، تمہاری حفاظت کرے، تمہاری مدد کرے، تمہاری تائید کرے۔" اور آخری بات جو منبر سے اترنے سے پہلے امت کو مخاطب کر کے ارشاد فرمائی اور یہ کہ "اے لوگو! قیامت تک آنے والے میرے ہر ایک امتی کو میرا سلام پہنچا دینا۔" پھر آنحضرت ﷺ کو دوبارہ سہارے سے اٹھا کر گھر لے جایا گیا۔ اسی اثناء میں حضرت عبدالرحمٰن بن ابی بکرؓ خدمت اقدس میں حاضر ہوئے ان کے ہاتھ میں مسواک تھی، نبی اکرم ﷺ مسواک کو دیکھنے لگے مگر شدت مرض کی وجہ سے طلب نہ کر پائے۔ چنانچہ سیدہ عائشہ حضور اکرم ﷺ کے دیکھنے سے سمجھ گئیں اور انہوں نے حضرت عبدالرحمٰنؓ سے مسواک لے کر نبی اکرم ﷺ کے دہن مبارک میں رکھ دی، لیکن حضور اکرم ﷺ اسے استعمال نہ کر پائے تو سیدہ عائشہؓ نے حضور اکرم ﷺ سے مسواک لے کر اپنے منہ سے نرم کی اور پھر حضور اکرم ﷺ کو لوٹا دی۔

دہن مبارک اس سے تر رہے۔ فرماتی ہیں: آخری چیز جو آپ نبی کریم ﷺ کے پیٹ میں گئی وہ میرا لعاب تھا، اور یہ اللہ تبارک وتعالیٰ کا مجھ پر فضل ہی تھا کہ اس نے وصال سے قبل میرا اور نبی کریم ﷺ کا لعاب دہن یکجا کر دیا۔

اُم المومنین حضرت عائشہؓ مزید ارشاد فرماتی ہیں: "پھر آپ ﷺ کی بیٹی فاطمہؓ تشریف لائیں اور آتے ہی رو پڑیں کہ نبی کریم ﷺ اٹھ نہ سکے۔ کیونکہ نبی ﷺ کا معمول تھا کہ جب بھی فاطمہؓ تشریف لاتیں حضور اکرم ﷺ ان کے ماتھے پر بوسہ دیتے تھے۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا اے فاطمہ! "قریب آجاؤ" پھر حضور ﷺ نے ان کے کان میں کوئی بات کہی تو حضرت فاطمہؓ اور زیادہ رونے لگیں، انہیں اس طرح روتا دیکھ کر حضور ﷺ نے پھر فرمایا! اے فاطمہ! "قریب آؤ" دوبارہ ان کے کان میں کوئی بات ارشاد فرمائی تو وہ خوش ہونے لگیں۔ حضور ﷺ کے وصال کے بعد میں نے سیدہ فاطمہؓ سے پوچھا تھا کہ وہ کیا بات تھی، جس پر روئیں اور پھر خوشی کا اظہار کیا تھا، سیدہ فاطمہؓ کہنے لگیں کہ: "پہلی بار (جب میں قریب ہوئی) تو فرمایا فاطمہ! میں آج رات (اس دنیا سے) کوچ کرنے والا ہوں جس پر میں رو دی۔ جب انہوں نے مجھے بے تحاشا روتے دیکھا تو فرمانے لگے فاطمہ! میرے اہل خانہ میں سب سے پہلے تم مجھ سے آملوگی جس پر میں خوش ہوگئی"۔ سیدہ عائشہؓ فرماتی ہیں: پھر آنحضرت ﷺ نے سب کو گھر سے باہر جانے کا حکم دیکر مجھ سے فرمایا "عائشہ! میرے قریب آجاؤ" پھر آنحضرت ﷺ نے ہاتھ آسمان کی طرف بلند کیا اور فرمانے لگے، مجھے وہ اعلیٰ وعمدہ رفاقت پسند ہے۔ (میں اللہ کی انبیاء، صدیقین، شہداء، اور صالحین کی رفاقت کو اختیار کرتا ہوں)۔ صدیقہ عائشہؓ فرماتی ہیں "میں سمجھ گئی کہ انہوں نے آخرت کو چن لیا ہے۔" جبرئیل ﷺ خدمت اقدس میں حاضر ہو کر گویا ہوئے: "یارسول اللہ ﷺ! ملک الموت دروازے پر کھڑے شرف باریابی چاہتے ہیں۔ آپ سے پہلے انہوں نے کسی سے اجازت نہیں مانگی۔" آپ ﷺ نے فرمایا "جبریل! اسے آنے دو" ملک الموت نبی کریم ﷺ کے گھر میں داخل ہوئے، اور کہا السلام علیک یارسول اللہ! مجھے اللہ نے آپ کی چاہت جاننے کیلئے بھیجا ہے کہ آپ دنیا میں رہنا چاہتے ہیں یا اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے پاس جانا پسند کرتے ہیں؟"۔

فرمایا "مجھے اعلیٰ وعمدہ رفاقت پسند ہے، مجھے اعلیٰ وعمدہ رفاقت پسند ہے۔" ملک الموت آنحضرت ﷺ کے سرہانے کھڑے ہوئے اور کہنے لگے: اے پاکیزہ روح۔ اے محمد بن عبداللہ کی روح۔ اللہ کی رضا خوشنودی کی طرف روانہ ہو، راضی ہوجانے والے پروردگار کی طرف جو غضبناک نہیں۔"

سیدہ عائشہؓ فرماتی ہیں: پھر نبی کریم ﷺ کا ہاتھ نیچے آن رہا، اور سر مبارک میرے سینے پر بھاری ہونے لگا، میں سمجھ گئی کہ آنحضرت ﷺ کا وصال ہوگیا۔ مجھے اور تو کچھ سمجھ نہیں آیا سو میں اپنے حجرے سے نکلی اور مسجد کی طرف دروازہ کھول کر کہا "رسول اللہ ﷺ کا وصال ہوگیا! رسول اللہ ﷺ کا وصال ہوگیا" مسجد آہوں اور نالوں سے گونجنے لگی ادھر علی اکرم اللہ وجہہ جہاں کھڑے تھے وہیں بیٹھ گئے پھر ہلنے کی طاقت نہ رہی۔ ادھر عثمان بن عفان معصوم بچوں کی طرح ہاتھ ملنے لگے۔ اور سیدنا عمرؓ تلوار بلند کرکے کہنے لگے "خبردار! جو کسی نے کہا رسول اللہ ﷺ وفات پاگئے. میں ایسے شخص کی گردن اڑا دوں گا...... میرے آقا تو اللہ تعالیٰ سے ملاقات کرنے گئے ہیں جیسے موسیٰ علیہ السلام اپنے رب سے ملاقات کو گئے تھے، وہ لوٹ آئیں گے، بہت جلد لوٹ آئیں گے۔ اب جو وفات کی خبر اڑائے گا، میں اسے قتل کرڈالوں گا۔"

اس موقع پر سب سے زیادہ ضبط، برداشت اور صبر کرنے والی شخصیت سیدنا ابوبکر صدیقؓ کی تھی۔ آپ حجرہ نبوی ﷺ میں داخل ہوئے، رحمت دوعالم ﷺ کے سینہ مبارک پر سر رکھ کر رو دیئے۔ کہہ رہے تھے: ہائے میرا پیارا دوست! ہائے میرا مخلص ساتھی! ہائے میرا محبوب! ہائے

میرا نبی۔ پھر آنحضرت ﷺ کے ماتھے پر بوسہ دیا اور کہا: ''یا رسول اللہ ﷺ! آپ پاکیزہ جئے اور پاکیزہ ہی دنیا سے رخصت ہو گئے۔'' سیدنا ابو بکرؓ باہر آئے اور خطبہ دیا ''جو شخص محمد ﷺ کی عبادت کرتا ہے سن رکھے آنحضرت ﷺ کا وصال ہو گیا اور جو اللہ کی عبادت کرتا ہے وہ جان لے کہ اللہ تعالیٰ کی شان کی ذات ہمیشہ زندگی والی ہے جس کو موت نہیں۔'' سیدنا عمرؓ کے ہاتھ سے تلوار گر گئی۔ عمرؓ فرماتے ہیں کہ پھر میں کوئی تنہائی کی جگہ تلاش کرنے لگا جہاں اکیلا بیٹھ کر رو دوں۔ آنحضرت ﷺ کی تدفین کر دی گئی۔ سیدہ فاطمہؓ فرماتی ہیں: ''تم نے کیسے گوارا کر لیا کہ نبی ﷺ کے چہرہ انور پر مٹی ڈالو؟ پھر کہنے لگیں: ہائے میرے پیارے بابا جان، کہ اپنے رب کے بلاوے پر چل دیے، ہائے میرے پیارے بابا جان، کہ جنت الفردوس میں اپنے ٹھکانے کو پہنچ گئے، ہائے میرے پیارے بابا جان، کہ ہم جبرئیل کو ان کے آنے کی خبر دیتے ہیں۔ اللھم صلی علی محمد کما تحب و ترضی۔

یہ ہمارے پیارے رسول ﷺ کے آخری ایام، آپ ﷺ کی رحلت تک تھے۔ اللہ تعالیٰ کے فرمودات (قرآن مجید) کی جیتی جاگتی مثال تھے۔ آپ ﷺ نے بنی نوع انسان پر جو احسان کیا ہے، وہ اللہ تعالیٰ کے حکم کی تعمیل ہے اور اللہ تعالیٰ ہی اپنے محبوب ترین پیغمبر کی رحلت کے بعد محافظ و امین ہے۔ آپ ﷺ پر درود بھیجئے۔ (بشکریہ: روزنامہ جنگ کراچی۔ مطبوعہ بروز پیر 26 فروری 2018ء)

پانی احتیاط سے اور کم استعمال کریں

نبی کریم ﷺ حضرت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس سے گزرے

وہ وضو کر رہے تھے تو ارشاد فرمایا

اے سعد یہ اسراف کیسا عرض کی کیا وضو میں بھی اسراف ہے؟

فرمایا ہاں اگرچہ تم بہتی نہر پر ہو۔

لہٰذا نل ضرورت کے مطابق کم سے کم کھولیں

مسواک کرتے وقت اور سر کا مسح کرتے وقت نل بند کر دیں

حضور اکرم ﷺ سے عقیدت و محبت

تحریر: الحاج احمد عبداللہ غریب (بمبئی)، مذہبی ریسرچ اسکالر



رسول اکرم ﷺ سے عقیدت و محبت ہمیں ہمیشہ نیکی کے راستے پر چلنے اور بدی کے راستے سے بچنے کا درس دیتی ہے۔ بلاشبہ یہ وہ راستہ ہے جس پر چلنے والوں کی راہ میں کوئی مشکل حائل نہیں رہتی۔ اسلام دین فطرت ہے اور یہ ہمیں حکم دیتا ہے کہ ہم زندگی کے ہر معاملے میں انسانی فطرت پر قائم رہیں یعنی انسانیت کی اصل اور سچی روح کو بیدار کریں تاکہ صحیح معنی میں انسانیت کا پرچار ہو سکے۔ اسلام نے خوشی کا موقع ہو یا غمی کا، ہر معاملے میں اعتدال کا دامن تھامے رہنے کی تلقین کی ہے۔ نہ خوشی کے موقع پر آپے سے باہر ہوں کہ ہر حد توڑ ڈالیں اور نہ غم کے وقت اس قدر نوحہ کریں کہ دوسروں کی خوشیاں غارت ہو جائیں۔ ہر معاملے میں توازن اور اعتدال کی حد قائم رکھنے کا حکم ہمیں اسلام دیتا ہے۔

ہم آج کل دیکھ رہے ہیں کہ ہم ہمہ وقت مشکلات اور دکھوں کا رونا روتے رہتے ہیں اور اللہ تعالیٰ سے شکوے بھی کرتے ہیں۔ یہ کس قدر ناسمجھی کی بات ہے کہ جب ہمارے لیے نبی آخر الزماں ﷺ کی تعلیمات بھی موجود ہیں اور قرآن کی صورت میں جامع اور مکمل دستور بھی۔ تو پھر ہمیں

کسی اور طرف دیکھنے کی کیا ضرورت ہے۔ ہماری راہ نمائی کے لیے ہمارا اللہ، ہمارا رسول ﷺ اور ہمارا قرآن پاک ہی کافی ہے کہ جس کی تعلیمات میں ہمارے لیے فلاح بھی ہے اور سلامتی بھی۔ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی شخصیت و سیرت ازل سے ابد تک زمان و مکان پر احاطہ کیے ہوئے ہے۔ ہر چیز رسالت مآب ﷺ کی نبوت کے بے کراں جمال کے سمندر میں ہے۔ کائنات کا ذرہ ذرہ حضور اکرم ﷺ کی مدحت کا شاہد ہے۔ "ورفعنا لک ذکرک" کی صدا سے زمین و آسماں کو گونج رہے ہیں۔ یہ ذکر اتنا بلند ہوا کہ ساری رفعتیں اس کے سامنے پست ہو کر رہ گئیں۔ فرشِ زمیں سے عرش بریں تک سب اس کے ذکر سے معمور ہیں۔

دنیا بھر میں بسنے والے مسلمان دن میں پانچ مرتبہ ہر نماز میں رحمۃ للعالمین ﷺ پر درود و سلام پڑھتے ہیں۔ ہر اذان کے وقت دنیا حق ہے کہ محمد ﷺ ہی انسانیت کے رہبر ہیں اور اللہ کے اس وعدے کے پورے ہونے پر مہر تصدیق ثبت ہوتی رہتی ہے کہ "ورفعنا لک ذکرک"۔ رسول اکرم ﷺ کی عقیدت و محبت دین و ایمان کا لازمی تقاضا ہے۔ آپ ﷺ کی محبت کو بندۂ مومن سرمایہ ایمان سمجھتا ہے۔ آپ کی اطاعت کے بغیر دین و ایمان کا دعویٰ بے معنی ہے۔ آپ ﷺ کی اطاعت و محبت اہل ایمان کا سرمایہ ایمان ہے۔ آپ ﷺ کی عظمت و رفعت کا اظہار ارض و سما اور لوح و قلم کرتے نظر آتے ہیں۔ ہمارا مقصد حیات فلسفہ زندگی، ہماری ہر سانس کی گواہی، ہر حرف کی شہادت آپ ﷺ کی ناموس کا تحفظ اور آپ ﷺ سے عقیدت و محبت کا اظہار ہے۔ عقیدت و محبت کے اس روح پرور سفر کا آغاز عہد رسالت ﷺ میں صحابہ کرامؓ سے ہوا اور آج تک جاری ہے۔ محبوب دو عالم ﷺ سے عقیدت و محبت کی یہ قابل افتخار میراث امتِ محمدیہ کو صحابہ کرامؓ سے ملی، محبت ہی ادب سکھاتی ہے اور محبت ہی اطاعت پر آمادہ کرتی ہے۔ صحابہ کرامؓ کی محبت و وارفتگی کو دیکھیے کہ یہی ناموس رسالت ﷺ کی اساس ہے۔

عروہ بن مسعود ثقفی کو قریش مکہ نے صلح حدیبیہ کے موقع پر اپنا سفیر مقرر کر کے حضور اقدس ﷺ کی خدمت میں روانہ کیا۔ اسے سمجھایا گیا کہ مسلمانوں کے حالات غور سے دیکھے اور قوم کو آگاہ کرے۔ اس نے دیکھا کہ رسول اکرم ﷺ وضو کرتے ہیں تو گرنے والے پانی پر صحابہؓ یوں گرتے ہیں گویا ابھی لڑ پڑیں گے۔ استعمال شدہ پانی کو زمین پر گرنے نہیں دیتے، وہ کسی نہ کسی کے ہاتھ پر ہی روک لیا جاتا ہے، جسے وہ منہ پر مل لیتے ہیں، حضور اکرم ﷺ کوئی حکم دیتے ہیں، تو وہ تعمیل کے لیے دوڑ پڑتے ہیں، حضور اکرم ﷺ کچھ ارشاد فرماتے ہیں، تو وہ سب لب بہ مہر ہو جاتے ہیں، تعظیم کا یہ حال ہے کہ حضور اکرم ﷺ کی جانب آنکھ اٹھا کر نہیں دیکھتے، انہوں نے یہ سب کچھ دیکھا اور قوم سے آ کر یوں بیان کیا۔ لوگو! میں نے کسریٰ کا دربار بھی دیکھا اور قیصر کا دربار بھی، نجاشی کا دربار بھی دیکھا، مگر اصحاب محمد ﷺ جو تعظیم محمد ﷺ کی کرتے ہیں، وہ تو کسی بادشاہ کو بھی حاصل نہیں۔

سرکار دو عالم ﷺ سے عقیدت و محبت کی یہ قابل افتخار میراث آج بھی مسلم امہ کا سرمایہ ہے، عقیدت و محبت اور جاں نثاری کے یہ جذبات آج بھی امت محمدیہ ﷺ کے دلوں کی دھڑکن اور سرمایہ افتخار ہیں۔ جاں نثاری کا یہ سفر انشاء اللہ تعالیٰ ابد کی آخری ساعتوں تک جاری رہے گا۔ ناموس رسالت ﷺ کا تحفظ احترام و تکریم انسانیت اور بذات خود انسانیت اور انسانی حقوق کے تحفظ کا مسئلہ ہے۔ یہ پوری دنیا میں بسنے والی ڈیڑھ ارب امت محمد ﷺ کا مسئلہ ہے، جو ہادیٔ برحق ﷺ کی عقیدت و محبت، حرمت و ناموس کے تحفظ میں کسی مصلحت اور رواداری کے قائل نہیں۔ جب عالم انسانیت کا عام فرد انسان ہونے کے ناتے احترام و تکریم کا مستحق ہے تو دنیا میں بسنے والے ڈیڑھ ارب جاں نثاروں کے دلوں کے حاکم اور عالم انسانیت کے ہادی اور رہبر نبی ﷺ اس احترام و تکریم انسانیت کے بدرجہا مستحق ہیں۔

نامور امریکی ماہر فلکیات اور دانشور ڈاکٹر میخائیل ایچ ہارٹ اپنی شہرۂ آفاق کتاب ''دی ہنڈریڈ'' میں محسن انسانیت ﷺ کو عالم انسانیت کا سب سے برتر، لائق احترام وتکریم اور دنیائے انسانیت کے سوعظیم انسانوں میں عظیم تر قرار دیتے ہوئے پیغمبر اسلام ﷺ کو سرفہرست رکھنے کی وجہ بیان کرتے ہوئے لکھتا ہے: ''پوری انسانی تاریخ میں محمد ﷺ واحد شخصیت ہیں، جو دینی اور دنیوی اعتبار سے غیر معمولی طور پر کامیاب وکامران اور سرفراز ٹھہرتے ہیں۔''

مشہور فرانسیسی مصنف ڈاکٹر گستاولی بان لکھتا ہے ''اگر افراد کی زندگی، بزرگی اور وقعت کا اندازہ ان کے کارناموں سے لگایا جا سکتا ہے تو ہم کہیں گے کہ محمد ﷺ انسانی تاریخ میں سب سے عظیم شخصیت گزرے ہیں۔''

لہٰذا عالم انسانیت کے سب سے زیادہ لائق احترام وتکریم محسن انسانیت ﷺ کا احترام انتہائی اہم اور اولیت کا حامل ہے۔

آپ ﷺ کا احترام اور تکریم پوری انسانیت کا احترام وتکریم ہے۔ انبیائے کرام علیہ السلام کی ناموس وعظمت کے تحفظ کے حوالے سے یہ فیصلہ اسلام ہی کا نہیں، بلکہ مقدس آسمانی کتب، الہامی مذاہب اور دنیا بھر کے مجموعۂ قوانین آج بھی اس کی تائید کرتے نظر آتے ہیں۔ آپ ﷺ محسن انسانیت ہیں۔ آپ ﷺ کا احترام پوری انسانیت کا اجتماعی فریضہ ہے۔ بیروت کے مسیحی اخبار الوطن نے 1911ء میں دنیا کے سامنے یہ سوال پیش کیا کہ دنیا کا سب سے بڑا انسان کون ہے؟

اس کے جواب میں ایک عیسائی عالم داور مجاعص نے لکھا: ''دنیا کا سب سے بڑا انسان وہ ہے جس نے دس برس کے مختصر عرصے میں ایک عظیم مذہب، ایک نئے فلسفے، مثالی شریعت اور ایک نئے تمدن کی بنیاد رکھی۔ یہ ہیں محمد بن عبداللہ ﷺ اسلام کے پیغمبر۔''

مغربی دانشور ''اے گیلیوم'' رقم طراز ہے: ''تاریخ انسانی میں محمد ﷺ کا مقام سب سے بلند اور منفرد ہے۔''

اب اہل ایمان کی ذمہ داری ہے کہ نور حق اور رسول اکرم ﷺ کے دامن رحمت سے وابستہ ہو جائیں، پیکر تسلیم ورضا بن کر اتباع اور اطاعت میں پہلے سے بھی زیادہ کمربستہ ہو جائیں اور پورے عالم پر واضح کردیں کہ حضرت محمد ﷺ کی نبوت اور کتاب اللہ پوری انسانیت کی مشترکہ میراث ہے، آپ ﷺ سارے جہانوں کے لئے رحمت بنا کر مبعوث کئے گئے۔ کائنات کی ہر شے آپ ﷺ کے دم قدم سے وجود میں آئی اور اپنے اپنے ظرف کے مطابق ہر کوئی اس رحمت پاک سے فیضیاب ہوا۔ حقیقت یہ ہے کہ آپ ﷺ سے عقیدت ومحبت کا اظہار ہمارے دین وایمان کا لازمی اور بنیادی تقاضا ہے، جس کے بغیر دین وایمان کا تصور بھی ممکن نہیں۔

(بشکریہ: ماہنامہ مشعل راہ، بمبئی (انڈیا)۔ جولائی 1966ء)

اپنا تشخص، کلچر اور ثقافت میمن زبان بول کر زندہ رکھ سکتے ہیں

پانچواتحاد پانچی ترقی نے خوشحالی جوضامن آئیے



نعت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم

احمد بھگت (مرحوم)

باعث خلقت لولاک نور اولیں
انبیا کے قافلہ سالار ختم مرسلیں

مالک تسنیم و کوثر حاکم خلد بریں
حامل تاج شفاعت رحمت للعالمیں

مخزن اسرار اور تاجدار انس تی
محرم راز حقیقت حافظ دنیا و دیں

رہبر جن و ملائک محسن انسانیت
زینت عرش معلیٰ رونق فرش زمیں

تابع مرضی حق، ہر کار دنیا آپ کا
آپ کا ہر ہر تکلم وحی رب العالمیں

عفو امت کی دعائیں ہر خطا و ظلم پہ
انھم لا یعلموں کی معذرت تھی دل نشیں

طور پہ جانے سے موسیٰ کو بلندی مل گئی
سربلندی شاہ دیں سے پا گیا عرش بریں

ہوں عطا حسنین جس کو سلسلے کے واسطے
فاطمہ زہرا سی دختر مرتضیٰ سا جانشیں

جلد اب تو روضہ اقدس پہ ہوا پیش حضور ﷺ
جبہ سائی کو ترستی ہے اب احمد کی جبیں

حضور اکرم ﷺ کی خوش مزاجی

حکیم محمد سعید شہید کی ایک اہم اور یادگار تحریر

Hakeem M. Saeed (Shaheed)

حضور اکرم ﷺ بڑے خوش مزاج تھے، ملاقاتیوں سے مسکراتے ہوئے ملتے۔ خادموں سے بھی کبھی کبھی پُر مذاق گفتگو فرماتے۔ چھوٹے بچوں کے ساتھ کھیلتے اور انھیں کھلاتے۔ ایک ننھے صحابی حضرت عمیر سے بھی دل خوش کرنے والی بات کہتے۔ حضرت انس کو ''دو کان والا'' کہہ کر خوش مزاجی کا اظہار فرماتے۔ ایک شخص نے آپ ﷺ سے اونٹ مانگا تو آپ ﷺ نے اس سے فرمایا: ''میں اونٹنی کا بچہ دوں گا''۔ اس نے کہا: ''میں اونٹنی کے بچے کا کیا کروں گا۔ آپ ﷺ مجھے اونٹ دے دیں۔'' آپ ﷺ نے فرمایا کہ کیا اونٹ اونٹنی کا بچہ نہیں ہوتا؟! اس جواب پر اس کو بے حد مسرت ہوئی۔ اسی طرح ایک بڑھیا آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی اور اس نے کہا کہ میرے لیے دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ مجھے جنت میں جگہ دے۔

آپ ﷺ نے فرمایا: ''بوڑھی عورت تو جنت میں نہیں جائے گی۔'' وہ عورت بہت پریشان ہوئی۔ اس نے بہت افسردہ ہو کر پوچھا: ''بوڑھی عورت جنت میں کیوں نہیں جائے گی؟'' آپ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ بوڑھی کو جنت میں جوان بنا کر داخل کرے گا۔



حضور اکرم ﷺ بچوں، نو جوانوں اور بوڑھوں سے، اکثر ایسی باتیں فرماتے جن سے آپ ﷺ کو خوش مزاجی کا اظہار ہوتا۔ سنجیدگی اور وقار الگ چیز ہے اور مزاج کی شگفتگی علاحدہ صفت ہے۔ یہ دونوں باتیں ایک انسان میں ہونی چاہئیں۔ چوں کہ آپ ﷺ ساری دنیا کے انسانوں کے ہادی اور رہبر تھے اس لیے ان تمام اخلاقی اچھائیوں کا بہترین نمونہ آپ ﷺ کی پاک زندگی میں ملتا ہے، جن کی وجہ سے لوگ پسند کیے جاتے ہیں اور دنیا میں مقبول ہوتے ہیں۔ حضور اکرم ﷺ اللہ کے حبیب اور ساری دنیا کے محبوب تھے۔ آپ ﷺ کی سچائی کا اثر تھا کہ لوگ آپ ﷺ سے محبت بھی کرتے اور ادب و احترام بھی۔

ایسا ادب اور ایسی عزت کہ دنیا کے کسی بادشاہ کی بھی نہیں ہوئی۔ آپ ﷺ کے ساتھی (صحابہ کرامؓ) کی جس گہرائی سے آپ ﷺ سے محبت کرتے اور حکم کی تعمیل کرتے دنیا میں اس کی کوئی مثال نہیں ملتی۔ وہ آپ ﷺ کے ہر حکم پر اپنی جان نچھاور کرنے کو تیار رہتے۔ آپ ﷺ کے حکم کی تعمیل کو اللہ کی اطاعت سمجھتے۔ صحابہؓ کی نظریں ہمیشہ آپ ﷺ کے مبارک لبوں کی جنبش پر ہوتیں اور وہ ہر بات غور سے سنتے، جب گفتگو فرماتے تو نہایت صفائی سے بولتے۔ اگر کوئی ایک ایک لفظ شمار کرنا چاہتا تو کر سکتا تھا۔۔ جب مجلس میں جاتے تو ساری مجلس ادب کی وجہ سے خاموش ہو جاتی۔ آپ ﷺ بولتے تو سارے لوگ کان لگا کر بڑے غور سے سنتے۔

آپ ﷺ کی محفل میں ایک کافر آیا اور جب وہ اپنے ساتھیوں میں لوٹ کر گیا تو ان سے کہا، "اے قوم کے لوگو! اللہ کی قسم میں نے ایران اور روم کے بڑے بڑے بادشاہوں کے دربار دیکھے مگر ان میں سے کسی کو اتنا بارعب اور باوقار نہ دیکھا جتنے حضرت محمد ﷺ ہیں، اور میں نے کسی سے اتنی محبت کرنے والے لوگ نہیں دیکھے، جس قدر محبت حضرت محمد ﷺ پر ایمان لانے والے کرتے ہیں۔ جب وہ مسلمانوں کو کوئی حکم دیتے ہیں تو اسے پورا کرنے کے لیے مسلمان دوڑتے ہیں۔ جب وہ بات کرتے ہیں تو ان کے صحابہ اپنی گفتگو کا سلسلہ بند کر دیتے ہیں۔ فتح مکہ کے بعد ایک عورت آپ ﷺ کے پاس آئی مگر رعب کی وجہ سے بات نہ کر سکی تو آپ ﷺ نے بڑی عاجزی اور انکساری کے ساتھ فرمایا: "میں کوئی بادشاہ نہیں ہوں بلکہ تمھاری طرح قریش کی ایک عورت کا بیٹا ہوں، جو سوکھا گوشت کھایا کرتی تھی۔" یہی وہ باتیں تھیں، جنھوں نے آپ ﷺ کو سب سے زیادہ محبوب بنایا تھا۔

(بشکریہ: ہمدرد نونہال۔ اکتوبر 1989ء)

ماہنامہ میمن سماج کے قارئین سے مودبانہ ضروری گزارش

ماہنامہ میمن سماج میں اللہ تعالیٰ اور اس کے پیارے حبیب ﷺ کا نام آتا ہے اس کا احترام ہر مسلمان پر فرض ہے۔ اگر قرآنی آیات کا حوالہ بھی آتا ہے۔

قارئین سے مودبانہ گزارش ہے کہ بے حرمتی سے بچانے کے لئے میمن سماج کو فرش پر نہ رکھیں بلکہ ٹیبل یا الماری کے اوپر پڑھ کر یا پڑھنے سے پہلے بھی ایسی جگہ رکھیں کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے پیارے حبیب ﷺ نیز قرآنی آیات کی بے حرمتی نہ ہو۔ (ادارہ)

ان کی باتوں میں گلوں کی خوشبو

☆ مسلمان کو جو بھی تھکان، بیماری، فکر، غم اور تکلیف پہنچتی ہے حتیٰ کہ کانٹا بھی چبھتا ہے تو اس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ اس کے گناہوں کو معاف کر دیتا ہے۔ (حضور اکرم ﷺ)

☆ پرہیز کرو، پرہیز نفع دیتا ہے۔ عمل کرو، عمل قبول کیا جاتا ہے۔

(حضرت ابوبکر صدیقؓ)

☆ کسی کے اخلاق پر بھروسہ نہ کرو جب تک اسے غصے کی حالت میں نہ دیکھ لو۔ (حضرت عمر فاروقؓ)

☆ بے کار ہے وہ طویل زندگی جو اچھے اعمال کی دولت سے خالی ہے۔ (حضرت عثمان غنیؓ)

☆ ناامید شخص ہر اچھا موقع بھی گنوا دیتا ہے اور پرامید شخص ہر پریشانی میں بھی موقع تلاش کر لیتا ہے۔ (حضرت علیؓ)

☆ ضرورت مند کی جائز حاجت پوری کرنا ایک مہینے کے اعتکاف سے بہتر ہے۔ (حضرت امام حسنؓ)

☆ توبہ کرنا آسان ہے مشکل تو گناہ چھوڑنا ہے۔

(حضرت امام جعفر صادقؒ)

☆ تو اللہ کی راہ میں مستحق کو بھی دے اور اسے بھی دے جو مستحق نہیں، اللہ تجھے وہ دے گا جس کا تو مستحق ہے اور وہ بھی دے گا جس کا تو مستحق نہیں۔ (شیخ عبدالقادر جیلانیؒ)

☆ برے دوستوں سے بچو ایسا نہ ہو کہ وہ تمہارا تعارف بن جائیں۔

(حضرت امام مالکؒ)

☆ منزل حق کے حصول کے لیے نماز نہایت ضروری ہے کیونکہ مومن کی معراج ہی نماز ہے۔ (خواجہ غریب نوازؒ)

☆ محتاجوں سے مہنگا مال خریدنا احسان میں ہے اور صدقہ سے بہتر ہے۔ (امام غزالیؒ)

☆ انسان کو جتنا لگاؤ رزق سے ہے اگر اتنا لگاؤ رزق دینے والے سے ہوتا تو اس کا مقام فرشتوں سے بڑھ کر ہوتا۔ (شیخ سعدیؒ)

☆ کل میں ہوشیار تھا دنیا بدلنا چاہتا تھا آج میں سمجھدار ہوں خود کو بدل رہا ہوں۔ (مولانا رومیؒ)

☆ تعصب ہر چھوٹے ظرف کی مجبوری ہے۔ (خلیل جبران)

☆ انسان ایک ایسا غافل منصوبہ ساز ہے کہ وہ اپنی ساری پلاننگ میں کبھی اپنی موت کو شامل ہی نہیں کرتا۔ (ابن بطوطہ)

☆ ناامید ہونے سے عمر کم ہوتی ہے۔ (ارسطو)

☆ کوئی انسان دکھ اٹھائے بغیر سکھ کی قدر کیسے کر سکتا ہے۔

(ابن عربی)

☆ دل و دماغ کو مسرتوں کی آماجگاہ بناؤ اس طرح ہزاروں نقصانات سے بچے رہو گے۔ (شیکسپیر)

☆ علم رکھنے والا اگر اس پر عمل نہ کرے تو ایک بیمار کی مانند ہے جس کے پاس دوا ہے لیکن وہ استعمال نہیں کرتا۔ (اقلیدس)

☆ وقت ہی سب کچھ ہے میں جنگ ہار سکتا ہوں لیکن وقت ضائع نہیں کر سکتا۔ (نپولین بوناپارٹ)

☆ صرف ایک شخص ہی تمہیں کامیاب کر سکتا ہے اور وہ ہو تم خود۔

(بل گیٹس)

مانڈویا صاحب کی تحقیقی تصنیف ''حیات النبی ﷺ'' پر اسلام آباد میں صدر اسلامی جمہوریہ پاکستان جنرل محمد ضیاء الحق کے دست مبارک سے صدارتی ایوارڈ 9 جنوری 1982ء میں پیش کیا گیا

حیات النبی ﷺ



گجراتی زبان کے ممتاز اور صف اول کے قلمکار

گجراتی تحریر : یوسف عبدالغنی مانڈویا (مرحوم)

اردو ترجمہ : کھتری عصمت علی پٹیل

حضور نبی کریم ﷺ اللہ تعالیٰ کے آخری نبی ہیں اور آپ ﷺ کو رب العالمین نے تمام جہانوں کے لیے رحمت بنا کر بھیجا ہے۔ رسول پاک ﷺ کی یہ رحمت تا قیامت تمام انسانوں پر نازل ہوتی رہے گی۔ قرآن کریم فرقان مجید میں ارشاد باری تعالیٰ ہے ''اور ہم نے آپ ﷺ کو تمام انسانوں (جہانوں) کے لیے رحمت بنا کر بھیجا ہے۔''

ویسے تو اس دنیا میں اللہ رب العزت نے کم و بیش ایک لاکھ چوبیس ہزار یا ایک لاکھ چالیس ہزار (صحیح تعداد اللہ کو معلوم ہے) رسول اور نبی بنا کر اس دنیا میں بھیجے ہیں اور ان سب انبیاء اور رسل نے اپنی اقوام کو نبی آخری الز ماں ﷺ کی آمد کی خوش خبری سنائی ہے اسی لیے ہمارے پیارے نبی، آقائے نامدار ﷺ تمام انبیاء کے سردار اور تاج دار ہیں۔ رسول مکرم ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے وہ خوبیاں اور خواص عطا فرمائے ہیں کہ کسی انسان میں وہ استطاعت نہیں اور نہ ہی کسی فرد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حضور اکرم ﷺ کی حیاتِ طیبہ مشعلِ راہ ہے

چھٹی قومی سیرت کانفرنس

افتتاحی خطاب

صدر پاکستان جنرل محمدّ ضیاء الحق

اسلام آباد - ۹ جنوری ۱۹۸۲ء

واحد میں وہ صلاحیت ہے کہ رسول کریم ﷺ کی خوبیوں کو بیان کر سکے۔ نبی پاک ﷺ کی حیات طیبہ پر بہت کچھ لکھا گیا ہے اور دل و جان سے لکھا گیا ہے، اس کے باوجود آپ ﷺ کی سیرت بیان کرنا ہر کسی کے بس کی بات نہیں ہے۔

ولادت اور آمد رسول ﷺ : حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم 12 ربیع الاول کو مکۃ المکرمہ میں پیدا ہوئے۔ آپ کا تعلق قبیلہ قریش سے تھا۔ آپ ﷺ کا شجرہ نسب حضرت اسمٰعیل علیہ السلام سے جا ملتا ہے جو حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بڑے صاحب زادے تھے اور ذبیح اللہ کے لقب سے سرفراز ہوئے۔ چونکہ حضور اکرم ﷺ کے والد حضرت عبداللہ آپ ﷺ کی ولادت سے قبل ہی وفات پا چکے تھے اس لیے آپ ﷺ کے دادا حضرت عبدالمطلبؓ نے آپ ﷺ کی پرورش کی اور ان کی رحلت کے بعد حضرت ابو طالبؓ نے رسول اکرم ﷺ کی پرورش کی جس کے بعد رسول اکرم ﷺ نے اپنے چچا جان طرح تجارت کے پیشے سے وابستگی اختیار کی۔

حضرت خدیجہ الکبریٰؓ سے شادی : جب رسول آخر الزماں کی عمر 25 سال ہوئی تو آپ ﷺ کا نکاح حضرت خدیجہؓ الکبریٰ سے ہو جن کا مال تجارت سے جانے کے لیے آپ ﷺ شام جاتے تھے۔ حضرت خدیجہؓ نے آپ ﷺ کو نہایت دیانت دار پایا تو آپ ﷺ سے شادی کی خواہش ظاہر کی اور اس طرح یہ شادی انجام پائی۔ شادی کے وقت حضور اکرم ﷺ کی عمر مبارک 25 سال اور حضرت خدیجہؓ کی عمر 40 سال تھی۔ اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو ایک بیٹے اور چار بیٹیوں کی دولت سے نوازا تھا۔

دیگر امہات المومنین : حضور پاک ﷺ کی 12 ازواج مطہرات تھیں جن میں سب سے چھوٹی عمر کی حضرت عائشہؓ تھیں جو خلیفہ اول حضرت ابوبکر صدیقؓ کی صاحب زادی تھیں۔

صادق اور امین : تاج دار انبیاء اور نبیوں کے سردار حضور پاک ﷺ کم عمر سے ہی صادق اور امین کے لقب سے مشہور تھے۔ سارا عرب جانتا تھا کہ آپ ﷺ سچے ہیں اور ہمیشہ سچ بولتے ہیں اور اسی طرح بڑے امانت دار ہیں۔ کبھی کسی کی امانت میں خیانت نہیں کرتے۔ چنانچہ اہل عرب بڑے احترام سے آپ ﷺ کو صادق اور امین کہہ کر پکارتے تھے۔

نبی مکرم ﷺ کی معاشرتی زندگی : ساری اسلامی تاریخ اٹھا کر دیکھ لیں۔ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کی معاشرتی زندگی بے مثال تھی۔ آپ ﷺ نے ساری حیات سادہ زندگی بسر کی۔ عام اور سادہ لباس پہنتے تھے۔ سفید کرتا یا جبہ زیب تن کیا جس کی آستینیں نہ زیادہ تنگ ہوتی تھیں اور نہ زیادہ کھلی ہوتی تھیں۔ حضور پاک ﷺ کرتے یا جبے کے ساتھ تہبند پسند فرماتے تھے، نیا لباس ہمیشہ جمعۃ المبارک کے دن پہننا پسند فرماتے تھے۔ سفید رنگ آپ ﷺ کا پسندیدہ رنگ تھا۔ سرخ رنگ آپ ﷺ کو پسند نہیں تھا، اپنے ہاتھوں سے اپنے لباس میں پیوند لگا لیتے تھے۔ سوکھی روٹی بڑے شوق سے تناول فرماتے تھے۔

نبوت کب ملی؟ حضور پاک ﷺ اپنا کافی وقت شہر سے دور ایک پہاڑی پر غار حرا میں بسر فرماتے تھے۔ اپنے ساتھ کچھ اشیاء لے کر وہاں تشریف لے جاتے اور تنہائی میں اللہ کی وحدانیت پر غور فرماتے تھے۔ اسی دوران غار حرا میں ایک روز جبرائیل امین اللہ کے حکم سے آئے اور حضور پاک ﷺ کو پیغام الٰہی پہنچایا۔ اس وقت حضور اکرم ﷺ کی عمر 40 برس ہو چکی تھی۔ آپ ﷺ حسب معمول غار حرا میں اللہ کے حضور عبادت میں مصروف تھے کہ یہ پیغام الٰہی پہنچا کہ اللہ نے آپ ﷺ کو نبوت کے لیے چن لیا ہے اور اس طرح نبی آخر الزماں صلی اللہ علیہ وسلم کا ظہور ہوا۔

اہل مکہ دشمن ہوگئے : جب حضور پاک ﷺ نے اہل عرب کو ایک اللہ کا پیغام دیا اور دعوت اسلام دی تو وہ سب آپ ﷺ کے

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

عزیزان گرامی ۔ میرے پیارے ہم وطنو

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اللہ تعالیٰ کی طرف سے تمام سلامتیاں آپ پر اور اللہ تعالیٰ کی رحمتیں اور نعمتیں آپ کے لیے فراواں۔

سب سے پہلے میں بارگاہ رب العزت میں اپنے دلی شکریہ کا اظہار کرتا ہوں کہ اس نے ہمیں اپنے رسول مقبول ﷺ کا یہ یوم ولادت دیکھنا نصیب فرمایا اور ہمیں اس قابل بنایا کہ عید میلاد النبی ﷺ کے موقع پر اس تقریب کا اہتمام کرکے اپنا ہدیہ عقیدت پیش کریں اور آپ ﷺ کی حیات پر انوار سے بصیرت حاصل کرنے کی کوشش کریں۔

جس سنجیدہ اور باوقار ماحول میں یہ تقریب منعقد ہورہی ہے وہ ہر لحاظ سے قابل قدر اور باعث اطمینان ہے۔ یہ ماحول پیدا کرنے میں جاں نثاران رسول اکرم ﷺ کی اتنی بڑی تعداد میں موجودگی اور بارگاہ رسالت ﷺ میں جذبہ عقیدت کے ساتھ پیش کئے گئے ہدیہ نعت رسول مقبول ﷺ کا بہت بڑا دخل ہے۔ اللہ تعالیٰ اس محفل پاک ﷺ کے تمام شرکاء کو اس محفل کی برکتوں سے مستفید فرمائے۔ آمین

میں نے ابھی ابھی ان کتابوں پر بھی انعامات تقسیم کئے ہیں جو سیرت پاک رسول ﷺ پر بہترین کتابیں قرار دی گئی ہیں۔ میں

- الحاج حافظ عبدالمجید شاکر چغتائی (ملتان) اردو زبان سیرت سید المرسلین ﷺ
- حاجی محمد یوسف عبدالغنی مانڈویا (کراچی) گجراتی زبان حیات النبی ﷺ
- پروفیسر عبدالرؤف (مردان) براہوی زبان سیرت النبی ﷺ

کو دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں اور امید کرتا ہوں کہ ان کا قلم آئندہ بھی اس خزینہ عقل وہدایت کو موضوع بناتا رہے گا۔

مجھے یہ سن کر دکھ ہوا کہ سیرت جیسے موضوع پر وزارت مذہبی امور کو کل دس کتابیں موصول ہوئیں جن میں سے سات کتابیں اردو میں اور ایک ایک کتاب انگریزی، براہوی اور گجراتی زبان میں تھی۔ جبکہ پشتو، پنجابی اور سندھی میں کوئی کتاب نہیں تھی۔ میں جہاں انعام پانے والے تینوں خوش نصیبوں کو دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں وہاں دوسرے اہل قلم سے بھی اپیل کرتا ہوں کہ وہ سیرت رسول پاک ﷺ پر زیادہ سے زیادہ کتابیں لکھیں۔

کی محمد ﷺ سے وفا تو نے تو ہم تیرے ہیں
یہ جہاں چیز ہے کیا لوح وقلم تیرے ہیں

میری دعا ہے اللہ تعالیٰ ہم سب کو خاتم الانبیاء حضور اکرم ﷺ کی تعلیمات پر عمل کرنے کی توفیق اور ہمت عطا فرمائے (آمین)

جنرل محمد ضیاء الحق

صدر اسلامی جمہوریہ پاکستان

اسلام آباد

9 جنوری 1982ء

دشمن ہو گئے اور آپ ﷺ کو اس حد تک پریشان کیا کہ آپ ﷺ کو مکے سے مدینے ہجرت کرنا پڑی۔

حضور اکرم ﷺ بعد از وفات اپنی قبر میں زندہ ھیں : رسول کریم حضور پرنور ﷺ وفات پانے کے بعد بظاہر اس عالم سے رخصت ہو کر پردہ فرما گئے ہیں مگر حقیقت یہ ہے کہ سرکار دو عالم ﷺ اپنے روضۂ اطہر میں زندہ ہیں اور بالکل اسی طرح زندگی بسر کرتے ہیں جس طرح دنیا میں اپنی حیات مبارکہ میں بسر کرتے تھے۔ اس حوالے سے حضرت ابوبکر صدیقؓ (خلیفۂ اول) کا واقعہ بطور ثبوت پیش کیا جا رہا ہے۔ حضرت عائشہؓ ارشاد فرماتی ہیں کہ جب میرے والد بیمار ہوئے تو انہوں نے وصیت کی کہ مجھے حضور انور ﷺ کی قبر کے پاس لے جانا اور عرض کرنا کہ یہ ابوبکرؓ ہیں یا رسول اللہ! کیا آپ ﷺ کے پاس دفن کر دیں؟ اگر اجازت مل جائے تو وہاں دفن کر دینا اور اگر نہ ملے تو مجھے جنت البقیع میں لے جانا۔ پس آپ کو حجرہ مبارک کے دروازے پر لے جایا گیا اور کہا گیا کہ یہ ابوبکرؓ ہیں اور آپ ﷺ کے پہلو میں دفن ہونے کے خواہش مند ہیں۔ انہوں نے ہمیں وصیت کی تھی کہ اگر آپ ﷺ ہمیں اجازت دیں تو ہم انہیں آپ ﷺ کے پہلو میں سپرد خاک کر دیں ورنہ واپس چلے جائیں۔ پس آواز آئی کہ انہیں دفن کر دو۔ ہم نے آواز سنی مگر دیکھا کسی کو نہیں۔

حضرت علیؓ فرماتے ھیں : میں نے دروازہ دیکھا کہ وہ کھل گیا اور میں نے ایک کہنے والے کو کہتے سنا کہ دوست کو دوست سے ملا دو۔ بے شک دوست دوست سے ملنے کا مشتاق ہے۔

ایک اور حواله : حضرت علیؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول پاک ﷺ کی وفات کو تین روز ہوئے تھے کہ ایک اعرابی آیا اور اس نے قرآن کریم کی یہ آیت تلاوت کی: (ترجمہ) ''میں نے اپنی جان پر ظلم کیا کہ میں آپ ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوا ہوں تاکہ آپ ﷺ میرے لیے بخشش طلب کریں۔ پس قبر انور سے آواز آئی کہ تجھے بخش دیا گیا۔'' (تحقیق)

گویا حضرت علیؓ کا استدلال ہے کہ رسول مکرم ﷺ اپنی قبر مبارک میں زندہ و جاوید ہیں آپ ﷺ ہماری باتوں کو سنتے ہیں اور ان کے جواب بھی مرحمت فرماتے ہیں۔

حضرت ابن عمرؓ : حضرت ابن عمرؓ کے بارے میں کہا گیا ہے کہ جب آپ کبھی کسی سفر سے واپس آتے تو مسجد نبوی ﷺ میں حاضر ہوتے اور قبر اقدس کے پاس کھڑے ہو کر عرض کرتے: ''اے اللہ کے رسول ﷺ! آپ ﷺ پر سلامتی ہو۔'' اس سے ثابت ہوتا ہے کہ مسلمان کے لیے محال ہے کہ وہ کسی ایسے آدمی کو سلام کرے جو کہ عقل و شعور اور علم نہیں رکھتا ہو۔ جب ایک عام مسلمان کے لیے یہ مشکل بلکہ ناممکن ہے تو ایک ایسی ہستی جو براہ راست نبی کریم ﷺ سے ہدایت و راہنمائی حاصل کرتی رہی ہو، اس کے بارے میں ایسا کیسے سوچا یا تصور کیا جا سکتا ہے۔

حضرت بلال بن حارثؓ : لکھا گیا ہے کہ ایک بار حضرت بلال بن حارثؓ حضور اکرم ﷺ کی قبر مبارک پر حاضر ہوئے اور عرض کیا: ''یا رسول اللہ! اپنی امت کے لیے بارش کی دعا فرمائیے!'' آپ ﷺ نے وہ دعا فرمائی جس سے حیات النبی ﷺ کی دلیل ملتی ہے۔

حضرت عائشةؓ کا اعتراض: تحریر میں بھی آیا ہے اور مستند حوالے بھی موجود ہیں کہ جب حضرت عائشہؓ مسجد کے ساتھ متصل گھروں سے کیلیں وغیرہ ٹھونکنے کی آوازیں سنتیں تو انہیں کہلا بھیجتیں کہ اس طرح کے شور سے حضور اکرم ﷺ کو تکلیف نہ پہنچاؤ۔ تکلیف کا تصور زندگی و حیات کے بغیر نہیں ہے۔ اس بات سے حضرت عائشہؓ کا تصور حیات النبی ﷺ واضح ہو رہا ہے۔

قرآن کریم سے حیات طیبه ﷺ کی دلیلیں : قرآن کریم میں شہید کے حوالے سے آیا ہے: ''وہ لوگ جو اللہ کی راہ میں

قتل کیے جائیں انہیں مُردہ نہ ہو بلکہ وہ زندہ ہیں لیکن تمہیں ان کی زندگی کا شعور نہیں۔'' (سورۃ البقرہ)

ویسے تو یہ آیت شہداء کے حوالے سے ہے لیکن انبیائے کرام کا درجہ شہیدوں سے بھی بڑھ کر ہے اور پھر حضور نبی کریم ﷺ کی شان کے تو کیا کہنے! اس لیے آپ ﷺ کی حیات مبارکہ اس آیت سے ثابت ہے۔ اللہ کے آخری رسول خود تو شہید نہیں ہوئے مگر آپ ﷺ کے دونوں نواسے حضرت امام حسنؓ اور امام حسینؓ دونوں ہی شہید کیے گئے تھے۔ احادیث مبارکہ سے یہ بات بھی واضح ہوئی ہے کہ شہیدوں کو جو اجر و ثواب ملے گا، وہی ثواب نبی آخر الزماں ﷺ کو بھی عطا کیا جائے گا اور یہ ثواب اللہ رب العزت کی طرف سے ہوگا کیونکہ کتابوں میں آیا ہے کہ اللہ کے آخری نبی ﷺ کو شہادت عظمیٰ کا مرتبہ نصیب ہوا گو کہ آپ ﷺ کو ظاہری شہادت نصیب نہیں ہوئی۔

حضرت سعید بن مسیب کا ارشاد : مشہور تابعی حضرت سعید بن میسب کا کہنا ہے کہ ''کوئی دن ایسا نہیں جس میں صبح و شام حضور ﷺ کی خدمت میں اُمت کے اعمال پیش نہ کیے جاتے ہوں۔ پس حضور اکرم ﷺ اپنے امتیوں کو ان کی صورتوں اور اعمال کے ساتھ جانتے ہیں، اس لیے روزِ حشر اس پر گواہی دیں گے۔ اس سے بھی حضور اکرم ﷺ کی حیات مبارکہ (زندگی) کی روشن دلیل ملتی ہے۔

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ کہتے ہیں : مجھے پتا چلا آپ کی روح کو جسم کی صورت میں قائم کرنا آپ ﷺ کا خاصا ہے۔ اس لیے ارشاد ہوا: ''انبیاء نہیں مرتے اور اپنی قبروں میں نمازیں پڑھتے ہیں، حج ادا کرتے ہیں اور وہ زندہ ہیں۔''

حضور اکرم ﷺ نے وصال نہیں فرمایا۔ آپ ﷺ زندہ ہیں : اس بات پر طویل عرصے سے بحث ہوتی آئی ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے وصال نہیں فرمایا اور آپ ﷺ زندہ ہیں اور اپنے روضۂ اطہر میں آرام فرمارہے ہیں۔ اس کی دو وجوہ ہیں جو قرآن سے ثابت ہیں۔

پہلی وجہ : آپ ﷺ کی ظاہری حیات کے بعد آپ ﷺ کی ازواجِ مطہراتؓ سے نکاح کی ممانعت ہے۔ ان کے ساتھ نکاح جائز ہونے کے لیے ضروری تھا کہ آپ ﷺ کی موت واقع ہو۔

دوسری وجہ : آپ ﷺ کی ظاہری موت کے بعد آپ ﷺ کے چھوڑے ہوئے (مال) میں وراثت کے احکام جاری نہیں ہوئے، یہ بھی اس بات کا ثبوت ہے کہ اللہ کے نبی زندہ ہیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

إِنَّ اللَّهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ ۚ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا ۝

بیشک اللہ اور اُسکے فرشتے درود پڑھتے ہیں نبی کریم ﷺ پر

اے ایمان والو تم بھی خوب ادب کے ساتھ درود و سلام بھیجو ان پر

(سورۃ الاحزاب، پارہ ۲۲، آیت ۵۶)

پانجی بولی میں

گجراتی کلام : اسمٰعیل درویش مرحوم

(اصل نام : اسمٰعیل صالح محمد درویش)

اردو ترجمہ : کھتری عصمت علی پٹیل

محبت کے دولت نسوتی
نفرت کے دولت نسوتی
مصیبت سے کیں چھوٹے ماڑو
مصیبت کے دولت نسوتی
زندگی بھلا کیں گزرے
ضرورت کے دولت نسوتی
جی کے چین کیڈاں ملے
حسرت کے دولت نسوتی
واو واو بھی تھی فلکے
سخاوت کے دولت نسوتی
یقیں مضبوط کیں تھی سے
صداقت کے دولت نسوتی
دولت جی تما کیڑی
دولت کے دولت نسوتی
ضرورت بھی کیڑی ضرورت
ضرورت کے دولت نسوتی
خرو کھوٹو نے کھوٹو خرو
سیاست کے دولت نسوتی
کیں تو نچے کھاوے لائے
قناعت کے دولت نسوتی
بھلا ماڑو کیں سدھرے
حماقت کے دولت نسوتی
کڈاں سے بھلا عقل اچے
جہالت کے دولت نسوتی
درویش بھلے فقیر جیرو
غربت کے دولت نسوتی

بانٹوا میمن جماعت (رجسٹرڈ) کراچی
کمپیوٹرائزڈ کارڈ
کے سلسلے میں ضروری ہدایت

چھان بین کے لئے (For Scrutiny Purpose)

کمپیوٹرائزڈ کارڈ کے لئے نیچے دیئے ہوئے دستاویزات جمع کرانے ہوں گے۔

☆ درخواست گزار کے CNIC کارڈ کی کاپی

☆ والد کا بانٹوا میمن جماعت اور CNIC کارڈ کی فوٹو کاپی یا

☆ والد کے انتقال کی صورت میں Death Certificate اور بھائی / چچا (خونی رشتہ دار) کا بانٹوا میمن جماعت اور CNIC کارڈ کی فوٹو کاپی

☆ درخواست گزار کی دو عدد فوٹو 1x1

شادی شدہ ممبران کے لئے

☆ نکاح نامہ کی فوٹو کاپی یا تاریخ اور اگر درخواست گزار صاحب اولاد ہو تو بچوں کے "ب فارم" کی فوٹو کاپی اور 18 سال سے بڑوں کی CNIC کی فوٹو کاپی

☆ بیوی یا شوہر کے CNIC کارڈ کی فوٹو کاپی

☆ دستاویزات مکمل نہ ہونے کی صورت میں فارم جمع نہیں کیا جائے گا۔

آپ سے تعاون کی گزارش کی جاتی ہے

سکندر محمد صدیق اگر

کنوینر لائف ممبر شپ کمیٹی

بانٹوا میمن جماعت (رجسٹرڈ) کراچی



قولِ رسول ﷺ

توحید : سفیان بن عبداللہ الثقفیؓ نے عرض کیا ''اے اللہ کے رسول ﷺ! مجھے اسلام کے بارے میں ایسی بات بتلا دیجئے کہ آپ ﷺ کے بعد مجھے کسی سے دریافت نہ کرنا پڑے۔'' اس پر آپ ﷺ نے فرمایا: ''کہو، میں ایک اللہ پر ایمان لے آیا۔ پھر اس پر ثابت قدم رہو۔''

رسالت : ''تم میں سے کوئی ایماندار نہ ہوگا، یہاں تک کہ میں اس کے نزدیک اس کے والد، اس کی اولاد اور دوسرے تمام لوگوں سے زیادہ محبوب نہ ہو جاؤں۔''

تقدیر : ''اللہ کو قوی مومن، ضعیف مومن سے زیادہ پیارا ہے، اور ہر ایک میں خیر ہے۔ جو چیز تمہیں نفع دے، اس کی تمنا کرو اور اللہ سے مدد چاہو اور ہمت نہ ہارو۔ اگر تمہیں کوئی تکلیف پہنچے تو یوں مت کہو: اگر میں ایسا کرتا تو یوں ہو جاتا.. بلکہ یوں کہو کہ اللہ نے اندازہ کیا، جو چاہا اس نے کر ڈالا۔''

آخرت : ''قیامت کے دن انسان کے قدم اپنی جگہ سے ہٹ نہ سکیں گے، یہاں تک کہ اس سے پانچ باتوں کی بازپرس نہ ہو جائے۔

1- عمر کن کاموں میں گنوائی؟

2- جوانی کی توانائیاں کہاں صرف ہوئیں؟ 3- مال کہاں سے کمایا؟

4- کہاں خرچ کیا؟ 5- جو علم حاصل کیا، اس پر کہاں تک عمل کیا؟

دنیا کی بے ثباتی : ''تم دنیا میں یوں ہو، گویا تم مسافر ہو۔''

اخلاص : ''اللہ تعالیٰ تمہاری شکل و صورت اور دولت کو نہیں دیکھتا، بلکہ تمہاری نیت اور عمل کو دیکھتا ہے۔''

نیکی : ''ایک بار سبحان اللہ کہہ دینا صدقہ ہے۔ ایک بار اللہ اکبر کہہ دینا صدقہ ہے۔ ایک بار الحمد للہ کہہ دینا صدقہ ہے۔ ایک بار لا الہ الا اللہ کہہ دینا صدقہ ہے۔ بھلائی کا حکم دینا صدقہ ہے۔ برائی سے روکنا صدقہ ہے۔ اپنی خواہش پوری کرنا صدقہ ہے۔''

لوگوں نے دریافت کیا'' ہم میں سے ایک شخص اپنی خواہش پوری کرتا ہے، کیا اس پر اجر و ثواب کا مستحق ہوگا؟'' آپ ﷺ نے فرمایا: ''اگر وہ اپنی خواہش ناجائز طور پر پوری کرتا تو کیا وہ گناہ گار نہ ہوتا؟ اسی طرح جب کہ اس نے اپنی خواہش جائز طور پر پوری کی ہے تو وہ اجر کا مستحق ہوگا۔''

دنیا : ''دنیا مٹھاس والی اور سر سبز شاداب ہے اور اللہ تعالیٰ اس میں تمہیں خلافت کا منصب دیتا ہے تاکہ دیکھے تم کیسے عمل کرتے ہو۔''

علم : ''ایک سمجھدار عالم، شیطان پر ہزار عابدوں سے زیادہ بھاری ہے۔''

غیر ذمہ دارانہ کلام : ''جس نے بغیر علم کے فتویٰ دیا تو اس کا گناہ فتویٰ دینے والے پر ہے اور جس نے اپنے بھائی کو ایسے کام کا مشورہ دیا جس کے بارے میں اسے علم ہے کہ بھلائی کسی دوسرے کام میں ہے تو بلاشبہ اس نے خیانت کی۔''

جہاد : ''دو آنکھیں ہیں جو جہنم کی آگ سے محفوظ رہیں گی۔ وہ آنکھ جو اللہ کے خوف سے اشکبار ہو، وہ آنکھ جو رات بھر اللہ کی راہ میں پہرہ دے۔''

میمنی نظم

پروفیسر محمد اقبال میمن پانکھانیاں

میمن برادری جو اصول تحفو
میمنی بولی، میمنی بولی، میمنی بولی

آؤں بولاں، آئین بولو، بڈھے بولن
میمنی بولی، میمنی بولی، میمنی بولی

عظمت واری، عزت واری، محبت واری
میمنی بولی، میمنی بولی، میمنی بولی

احترام واری، اخلاق واری، ثقافت واری
میمنی بولی، میمنی بولی، میمنی بولی

میمن برادری جی پیچان، ان جی آن، ان جی شان
میمنی بولی، میمنی بولی، میمنی بولی

بے دادا جی یاد، برادری جو اتحاد، علم جی روشنی جی شمع
میمنی بولی، میمنی بولی، میمنی بولی

آخر میں دعا آئے کہ سدا جئے سدا جئے سدا جئے
میمنی بولی، میمنی بولی، میمنی بولی

رحمت العالمین ﷺ کا آخری حج

ہجرت کا دسواں سال تھا۔ حضور اکرم ﷺ نے حج کا ارادہ فرمایا۔

ذی قعد 10 ہجری کو اعلان کیا گیا کہ حضور اکرم ﷺ حج کے لئے تشریف لے جا رہے ہیں۔ یہ خبر بجلی کی طرح پورے عرب میں پھیل گئی۔ اس بابرکت موقع پر حضور اکرم ﷺ کے ساتھ حج ادا کرنے کی سعادت حاصل کرنے کے شوق میں پورا عرب امنڈ آیا۔

ماہ ذی قعد کی آخری تاریخوں میں آپ ﷺ کی سواری مدینہ طیبہ سے روانہ ہوئی اور 4، ذی الحج کی صبح کے وقت آپ ﷺ مکہ مکرمہ تشریف لے آئے۔ وہاں آنے کے بعد آپ ﷺ نے سب سے پہلے خانہ کعبہ کا طواف کیا اور مقام ابراہیم علیہ السلام پر دو رکعت نماز ادا فرمائی۔ اس کے بعد آپ ﷺ صفا کی پہاڑی پر تشریف لے گئے۔ وہاں سے اتر کر مروہ کی سعی کی یعنی دوڑ لگائی۔ ان مناسک سے فراغت کے بعد آپ ﷺ نے جمعرات کے روز یعنی آٹھویں ذی الحجہ کو تمام مسلمانوں کے ساتھ منیٰ میں قیام فرمایا۔ دوسرے دن 9، ذی الحجہ کو فجر کی نماز پڑھ کر منیٰ سے روانہ ہوئے اور عرفات کے میدان میں تشریف لائے۔ عرفات کے میدان میں آپ ﷺ نے وہ مشہور زمانہ تاریخ خطبہ حج دیا، جو دنیا کی تاریخ میں "حقوق انسانی" کا پہلا منشور قرار پایا۔ اس خطبہ میں آپ نے انسانوں کے لئے اہم باتوں کے بارے میں ہدایتیں فرمائیں:

1- لوگو! میں خیال کرتا ہوں کہ میں اور تم پھر کبھی اس مجلس میں اکٹھے نہیں ہوں گے۔

2- لوگو! تمہارے خون، تمہارے مال اور تمہاری عزتیں ایک دوسرے پر ایسے ہی حرام ہیں کہ جس طرح تم آج کے دن کی اس شہر کی اس مہینے کی حرمت کرتے ہو۔

3- لوگو! تمہیں جلد اللہ کے سامنے ضرور حاضر ہونا ہے اور وہ تم سے تمہارے کاموں کی بابت سوال فرمائے گا۔ خبردار! میرے بعد گمراہ نہ بن جانا کہ ایک دوسرے کی گردنیں کاٹنے لگو۔

4- لوگو! جاہلیت کی ہر ایک بات کو میں اپنے قدموں کے نیچے پامال کرتا ہوں۔ جاہلیت کے قتلوں کے تمام جھگڑے ملیامیٹ کرتا ہوں۔ پہلا خون میرے خاندان کا ہے یعنی ربیعہ بن الحارث کا خون، جو بنی سعد میں دودھ پیتا تھا اور ہذیل نے اسے مار ڈالا تھا۔ میں اسے معاف کرتا ہوں۔ جاہلیت کے زمانے کا تمام سود ملیامیٹ کر دیا گیا۔ پہلا سود میں اپنے خاندان کا مٹاتا ہوں۔ وہ عباس بن عبدالمطلب کا سود ہے۔ وہ سارے کا سارا ختم کر دیا گیا۔

5-لوگو! اپنی بیویوں کے متعلق اللہ سے ڈرتے رہو۔ اللہ کے نام کی ذمے داری سے تم نے ان کو اپنی بیوی بنایا۔

6-لوگو! میں تم میں وہ چیز چھوڑے جا رہا ہوں کہ اگر اسے مضبوطی سے پکڑ لوگے تو کبھی گمراہ نہ ہوگے۔ وہ چیز قرآن اللہ کی کتاب ہے۔

7-لوگو! نہ تو میرے بعد کوئی پیغمبر ہے اور نہ کوئی نئی امت پیدا ہونے والی ہے۔ خوب سن لو کہ اپنے پروردگار کی عبادت کرو اور پانچوں وقت کی نماز ادا کرو۔ سال بھر میں ایک مہینہ رمضان المبارک کے روزے رکھو۔ مالوں کی زکوٰۃ نہایت خوش دلی کے ساتھ دیا کرو۔ خانہ کعبہ کا حج کرو۔ اپنے بڑوں کی اطاعت کرو جس کی جزا یہ ہے کہ تم پروردگار کی فردوس بریں میں داخل ہوگے۔

8-لوگو! قیامت کے دن تم سے میری بابت بھی پوچھا جائے گا مجھے ذرا بتا دو کہ تم کیا جواب دو گے؟ سب نے کہا" ہم اس کی شہادت دیتے ہیں کہ آپ ﷺ نے اللہ کے احکام ہم تک پہنچا دیے۔ آپ ﷺ نے رسالت اور نبوت یعنی اللہ کا پیغام دیا اور اپنا فرض ادا کر دیا۔"

یہ سن کر ہمارے پیارے نبی ﷺ نے آسمان کی طرف اپنی انگلی اٹھائی اور تین دفعہ فرمایا: "اے اللہ تو گواہ رہنا۔" پھر آپ ﷺ نے فرمایا: "جو لوگ اس وقت موجود ہیں وہ (یہ سب باتیں) ان تک پہنچا دیں جو موجود نہیں۔" اس موقع پر قرآن پاک کی آیت نازل ہوئی جس کا اردو ترجمہ یہ ہے: "آج میں نے تمہارے لئے دین کو پورا کر دیا اور اپنی نعمت تم پر تمام کر دی اور تمہارے لئے اسلام کو بہ حیثیت دین پسند کیا۔"

آخری حج کے موقع پر حضور اکرم ﷺ نے خود حج کر کے یہ دکھایا کہ حج کس طرح کرنا چاہیے۔

اسی موقع پر آپ ﷺ نے یہ بھی فرمایا کہ: "مجھ سے حج کے مسئلے سیکھ لو۔ میں نہیں جانتا کہ اس کے بعد مجھے دوسرے حج کی نوبت آئے۔"



دل کو مسرور کرتی ہے خود اعتماد بڑھاتی ہے

لب و لہجہ اور آواز.....

تحریر : جناب محمد یوسف عمر لوبھیا

دل نشیں گفتگو بھی بہت بڑا فن ہے لیکن بدقسمتی سے ہم اسے اپنانے کی کوشش نہیں کرتے۔ اس دنیا میں اپنے آپ کو پالینا کوئی مقصد نہیں بلکہ انسانوں سے بہتر سلوک عمدہ گفتگو اور نفیس تعلقات بروئے کار لانا بڑا کام ہے۔ اخلاقیات کے عالم و دانشور تھامس مین نے کہا ہے تقریر ہی تہذیب ہے اور خاموشی علیحدہ رہنے کا مقصد۔

نرم آواز : عمدہ گفتگو کے لیے ضروری ہے کہ ہم اپنی آواز کی آہستگی اور نرمی پر کنٹرول رکھیں اور ہماری کوئی بھی بات مقصد سے ہٹ کر نہیں ہونی چاہئے اور نہ ایسے ماحول میں جس سے کشیدگی پیدا ہو اور مخاطب یہ سمجھے کہ آپ کا رویہ طنزیہ یا ناخوشگوار ہے۔

غصے پر قابو : غصے میں آواز تکلیف دہ حد تک بلند ہو جاتی ہے۔ اس لیے ضروری ہے کہ بات چیت کے دوران جذبات پر قابو رکھا جائے اور مخاطب کو یہ احساس نہ ہونے پائے کہ ہماری گفتگو میں کسی قسم کی تختی پائی گئی ہے۔ نرمی سے گفتگو کرنے کا مقصد یہ ہے کہ آپ نے مخاطب کا دل موہ لینے میں نمایاں کامیابی حاصل کی ہے۔

آواز اور لہجے پر قابو : دوسرا شخص آپ کی بات کا جواب جس انداز میں دیتا ہے تو سمجھ لیجئے کہ یہ آپ کی اپنی آواز ہے۔ مثال کے طور پر آواز میں لطف خوف اور لرزش اس بات کا اظہار ہے کہ آپ نے دعوت دکھا دیا ہے۔ ایک ماہر نفسیات کا کہنا ہے۔

☆ آواز میں لچک پیدا کر کے بات کرنے والی بیویاں اپنے شوہروں کو بے راز کر دیتی ہیں۔

☆ ٹیلی فون پر بڑبڑا کر شکایت کا اظہار آپ کے کاروباری معاملات میں رخنہ پیدا کر دیتا ہے۔

☆ ہتھوڑے جیسی آواز سے بات کرنے والا سیکریٹری اپنی ملازمت سے ہاتھ دھو بیٹھتا ہے۔

☆ اپنی گفتگو کا جائزہ لیں۔

روزگار (جاب) مہیا کرنے والی ایجنسیاں ہمیشہ یہ کوشش کرتی ہیں کہ درخواست دہندہ سے تحریری درخواست لینے کی بجائے اسے انٹرویو کے لیے بلایا جائے چنانچہ پہلے امیدوار کی بول چال کا اندازہ کیا جاتا ہے اعلیٰ قابلیت رکھنے والے اکثر امیدوار محض اس وجہ سے قبول نہیں کیے جاتے کہ وہ اپنی آواز اور طرزِ گفتگو کا عمدہ نمونہ پیش کرنے سے قاصر ہوتے ہیں۔ آپ اپنی آواز کا امتحان کرنے کے لیے مندرجہ ذیل سوالوں پر غور کیجئے۔

☆ کیا آپ اس قابل ہیں کہ دوسرا شخص آپ کی گفتگو سے فوراً متوجہ ہو جائے؟

☆ کیا آپ کی آواز کسی دکھی انسانیت کے لیے تسلی و تشفی کا باعث بن سکتی ہے؟

☆ کیا آپ کی آواز میں اتنی چک ہے کہ کسی نازک موقعے پر فوری بات منوا سکیں؟

☆ آپ شور مچا کر بات کرتے ہیں یا اس قدر آہستہ کہ دوسرا آپ کو بار بار کہنے پر مجبور ہوں کہ جناب بلند آواز میں بات کیجئے۔

جب آپ اپنی انفرادیت کا اندازہ کر لیں تو اپنے مستقبل کی بنیاد اور بات چیت کے طریقے کو مندرجہ ذیل اصولوں پر جانچنے کی کوشش کیجئے۔

☆ مجھے کس قسم کی آواز میں گفتگو کرنی چاہئے؟ ☆ میری گفتگو کس نوعیت کی ہوگی؟

آپ کی گفتگو کا اندازہ اس بات سے بھی ہوگا کہ بات کرنے کی رفتار کیا ہے اور کیا آپ ایک منٹ میں ایک سو پچیس الفاظ بول سکتے ہیں۔ اگر ایسا ہے تو آپ ٹھیک گفتگو کر رہے ہیں۔ اس سے بھی زیادہ ضروری بات یہ ہے کہ مزاج کے مطابق تقریر کی رفتار برقرار رکھتے ہوئے تمام الفاظ کی ادائیگی اگر ایک رفتار سے ہوتی رہے تو آپ اچھے خاصے مقرر ہیں۔ آپ کی گفتگو الفاظ کی یکسانیت سے دور ہی ہے یعنی گفتگو کے دوران میں الفاظ کا ٹھہراؤ و وقفہ اور الفاظ مناسبت کے ساتھ ہیں تو آپ کے خیالات و جذبات سامعین کے خیالات و جذبات سے ہم آہنگ ہو سکیں گے۔

آواز اور سانس پر قابو : گفتگو کے دوران اگر آپ کے سانس کا سلسلہ ٹوٹنے نہ پائے اور آپ سانس لینے کے ساتھ ساتھ بات چیت بھی بغیر کسی رکاوٹ کے جاری رکھیں تو کوئی وجہ نہیں کہ آپ کی تقریر متوقع نتائج حاصل نہ کرے۔ اگر آپ پر اثر تقریر کرنا چاہتے ہیں تو ضروری ہے کہ سانس کی آمد و رفت درست ہو۔ یہ بات ہمیشہ ذہن میں رکھنی چاہئے کہ اگر آپ گفتگو یا تقریر کے دوران حد سے زیادہ منمنائیں گے اٹک اٹک کر بولیں یا ہکلائیں گے تو نہ صرف آپ کا مضحکہ اڑے گا بلکہ کوئی بھی آپ کی بات غور سے سننے کی زحمت گوارا نہیں کرے گا۔

آپ چاہے کتنی ہی مشکلات میں گھرے ہوئے ہوں خود کو اعتدال پر رکھ کر ہر مشکل پر قابو پا سکتے ہیں۔ اپنے جذبات کے اظہار میں اسی وقت کامیاب ہو سکتے ہیں جب یہ محسوس کرنے لگیں کہ واقعی آپ ان پر قادر ہیں۔ کوشش کیجئے کہ اپنے صحیح خیالات کا اظہار کریں کیونکہ اس معاملے میں آپ اسی وقت کامیاب ہو سکتے ہیں جب آپ جو کچھ کہنا چاہتے ہوں اسے حقیقی انداز میں بیان کریں۔ اگر بناوٹی لب ولہجہ استعمال کیا گیا تو مخاطب کو اس کا شدید احساس ہوگا اور آپ اپنے مقاصد حاصل نہیں کر سکیں گے۔ اس کے علاوہ صحیح الفاظ کے چناؤ آپ کو خیالات کے اظہار میں بہت مدد دیں گے۔

طرز گفتگو : آپ کا طرزِ گفتگو آپ کی انفرادیت کی نشان دہی کرتا ہے کیونکہ تقریر اور شخصیت ایک ہی چیز ہے۔ آپ جتنا صحت مندانہ ماحول اپنائیں گے اتنی ہی آپ فی البدیہہ پر اثر اور بامعنی گفتگو کر سکیں گے۔ گفتگو صرف شخصیت کے اظہار کا ذریعہ ہی نہیں بلکہ اس سے آپ عوام کو بھی اپنے دائرہ اثر میں کھینچتے ہیں۔ بہر حال اگر آپ دنیا میں تحریر و تقریر کے فن کے ذریعے اپنے آپ کو کامیاب دیکھنا چاہتے ہیں تو اپنا ماحول تبدیل کیجئے۔ اگر آپ نے خود کو بدل لیا تو اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ کا طرزِ گفتگو تبدیل ہوا ہے اور گفتگو بدلی تو آپ نے خود کو تبدیل کر لیا اور یہی عمدہ گفتگو ایک روز آپ کو اپنے دوستوں عزیز و اقارب اور عوام میں ہر دل عزیز بنا دے گی۔

خوش رہا کریں اور خوشیاں بانٹیں۔ آپ کی خوشیوں کے ساتھ ساتھ

بانٹوا میمن جماعت (رجسٹرڈ) کراچی

بانٹوا میمن جماعت (رجسٹرڈ) کراچی
دفتری اوقات میں تبدیلی

تمام خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ 6 جون 2020ء سے بانٹوا میمن جماعت (رجسٹرڈ) کراچی کے دفتری اوقات درج ذیل ہوں گے۔

پیر تا جمعرات اور ہفتہ

دوپہر 1:00 بجے سے رات 9:00 بجے تک

جمعۃ المبارک دوپہر 3:00 بجے سے رات 9:00 بجے تک

اتوار اور عام تعطیلات کے دنوں میں جماعت آفس بند رہے گا

اعزازی جنرل سیکریٹری

بانٹوا میمن جماعت (رجسٹرڈ) کراچی

شاعری

(غزل)

وصول کریں گے



گجراتی کلام : دلکش گونڈلوی (مرحوم)
(اصل نام : عبدالستار آدم دگیا)
اردو ترجمہ : کھتری عصمت علی پٹیل

ہم خاموش زباں سے بات کریں گے
ہوں گے الگ تبھی ملاقات کریں گے
کہانی جو زیست (زندگی) کی کہنی پڑے گی
ہم موت سے اس کہانی کا آغاز کریں گے

ہم نے جو دیا ہے وہ سب معاف تم کو
تمہیں جو دیا ہے ان کی وصولی کریں گے

گناہوں کی ہم کو سزا نہ ملے تو
جو آپ کہیں گے اسے قبول کریں گے

وفا دشمنی میں کبھی ہم نہ دیں گے
ہم دوست بنیں گے تو وار نہ کریں گے

ہمیں مست رہنے دے اے واعظ
اگر جوش ہوگا تو فریاد کریں گے

تمہیں دل میں دلکش تمنا بھی کوئی
ملاقات کی خاطر ملاقات کریں گے

پاکستانی ادب 1947 - 2008ء

انتخاب شاعری، افسانہ گجراتی

ہمارے معاشرے کی ایک سچی اور دل دوز حقیقی کہانی۔۔ جس میں سبق آموز نصیحت بھی ہے اور حقیقت بھی

کوکھ کے جنے ہوئے

گجراتی تحریر : شمع پوربندری مرحوم

اردو ترجمہ : کھتری عصمت علی پٹیل

''لکھو!! رتن بائی! جس طرح میں کہہ رہی ہوں بالکل اسی طرح لکھو۔'' حلیمہ بائی نے رتن بائی کی طرف دیکھتے ہوئے عاجزی سے کہا: ''بات یہ ہے رتن بائی! میں پڑھی لکھی نہیں ہوں۔ نہ خط لکھ سکتی ہوں اور نہ لکھوا سکتی ہوں۔ تم بیرسٹر جیسی سمجھدار عورت ہو بہن! میری بات کو سمجھو اور خود ہی ساری بات میرے بیٹے کو لکھ دو۔ مجھے پوری امید ہے کہ اس بار میرا ہاشم میرے خط کا جواب ضرور دے گا۔ میں اس کی ماں ہوں۔ اس کے جواب کے لیے تڑپ رہی ہوں۔ دیکھو ناں پورے تین برس ہو گئے اس کا خط آئے ... اب میں ترسوں گی نہیں تو اور کیا کروں گی؟'' حلیمہ بائی کی دل ہلا دینے والی باتیں سن کر رتن بائی بھی آب دیدہ ہو گئی اور اپنے آنسو چھپانے کے لیے سر جھکا کر لکھنے لگی۔ وہ لکھتی رہی اور حلیمہ بائی آنسو بہاتی رہی تاکہ دل کا بوجھ ہلکا ہو۔ تھوڑی دیر بعد رتن بائی نے سر اٹھا کر کہا: ''سب کچھ لکھ دیا ہے ماں جی ... اب یہ بتاؤ کہ یہاں کے بارے میں کیا لکھنا ہے۔'' یہ کہہ کر رتن بائی، حلیمہ کو سوالیہ نظروں سے دیکھنے لگی۔ ''یہاں کے حالات کیا لکھواؤں۔'' حلیمہ بائی نے ڈبڈبائی آنکھوں سے رتن بائی کے ہاتھ میں موجود خط کی طرف دیکھتے ہوئے کہا: ''پورے گیارہ برس ہو گئے ہیں ہاشم کو گئے ہوئے۔ اس طویل عرصے سے ہم مسلسل کرب اور اذیت برداشت کر رہے ہیں۔ شروع میں تو کچھ خرچ میرا بیٹا بھجوا دیتا تھا جس سے کسی نہ کسی طرح گزارہ ہو جاتا تھا مگر اب .....'' اس سے آگے حلیمہ بائی کچھ نہ بول سکی۔ اس کی آواز رندھ گئی۔ رتن بائی نے حلیمہ کو بڑے دکھ کے ساتھ دیکھا۔

''ماں جی! پریشان نہ ہوں۔'' رتن بائی نے تسلی آمیز لہجے میں کہا ''بے چارہ ہاشم محنت مشقت میں لگا ہوگا۔ نہ جانے کن حالات میں ہے۔ اسے کچھ مہلت ملے گی تو بھیج دے گا۔ تم فکر مت کرو۔''

اس کے بعد رتن بائی نے حلیمہ کی بہو اور ہاشم کی بیوی رابعہ کو

مخاطب کیا جو پاس ہی بیٹھی تھی: "بہو...... ماں جی کے لیے پانی لاؤ، دیکھو تو کیا حال ہو رہا ہے ان کا۔"

رابعہ کے جانے کے بعد حلیمہ نے رتن بائی سے کہا "مجھے اپنی فکر نہیں۔ نہ جانے کب مر جاؤں مگر مجھے اپنی اس بہو کی فکر ہے جو میرے لیے بہو کم اور بیٹی زیادہ ہے۔ اس بے چاری غریب کو کن گناہوں کی سزا مل رہی ہے۔ عائشہ بائی نے اپنی یہ بھانجی مجھے بڑے مان کے ساتھ دی تھی۔ اس غریب بچی کے ماں باپ کے انتقال کے بعد اس کی خالہ عائشہ نے اسے ماں بن کر پالا تھا اور بالکل سگی بیٹی کی طرف سمجھتی تھی۔ مجھے بھی تو اللہ کو منہ دکھانا ہے۔ یہ بے چاری اپنا کام کرتی ہے۔ گھر کے کام کرتی ہے، مجھے سنبھالتی ہے، میری دیکھ بھال کرتی ہے اور پھر دوسروں کے گھروں کے کام کاج کر کے ان کے برتن کپڑے دھو کر میرا اور اپنا پیٹ بھرتی ہے۔ کیا میں یہ سب کروانے کے لیے اسے بہو بنا کر لائی تھی؟" اتنے میں رابعہ پانی لے کر آ گئی۔ حلیمہ بائی نے جلدی سے آنسو پونچھے اور رابعہ سے گلاس لے کر پانی پینے لگی۔ ساتھ ساتھ وہ رابعہ کو پیار بھری نظروں سے دیکھ رہی تھی۔۔ رتن بائی نے خط مکمل کر کے حلیمہ بائی کی طرف دیکھا تو حلیمہ نے کہا "تم نے سب باتیں تو لکھ دی ہیں ناں؟ کوئی بات رہ تو نہیں گئی۔ میرا ہاشم جواب تو دے گا نا؟ ذرا پڑھ کر تو سنا دو۔" رتن بائی نے پورا خط پڑھ کر حلیمہ بائی کو سنا دیا۔ حلیمہ غور سے سنتی رہی اور بیچ بیچ میں سر بھی ہلاتی رہی، خط مکمل کرنے کے بعد رتن نے کہا "اور کچھ لکھنا ہے یا......؟"

"ابھی تو کچھ یاد نہیں آ رہا۔ رات کو سوتے وقت تو بہت کچھ یاد آتا ہے مگر اب...... اب سب بھول گئی ہوں۔" حلیمہ بائی نے رتن بائی سے کہا "بس اب اسے ڈبے میں ڈلوا دو تا کہ یہ خط ہاشم کو جلدی مل جائے اور جلد ہی اس کا جواب بھی آ جائے۔" اس کے بعد حلیمہ نے رابعہ کو مخاطب کر کے کہا: "بیٹا!! اس بار رتن بہن نے ایسا خط لکھا ہے کہ ہاشم کو جواب دینا پڑے گا۔ تو فکر مت کر۔"

رتن بائی ایک ہندو اسکول ٹیچر تھی۔ وہ صدر کے ایک اسکول میں لڑکیوں کو گجراتی پڑھاتی تھی۔ پاکستان اور ہندوستان کے قیام کے بعد رتن بائی کے خاندان والے تو ہندوستان چلے گئے مگر رتن نہ گئی۔ وہ کراچی میں پیدا ہوئی اور یہیں پلی بڑھی تھی۔ اس نے کہہ دیا تھا کہ وہ اسی سرزمین پر مرنا چاہتی ہے اس لیے رتن بائی کراچی میں ہی رہتی رہی۔ ویسے بھی اس زمانے میں اسکولوں میں گجراتی پڑھانے والے والی ٹیچرز کی بہت کمی تھی اس لیے وہ نہ جا سکی۔ اسکول کی ملازمت اچھی تھی۔ تنخواہ بھی اس سستے زمانے میں اچھی خاصی تھی۔ رتن بائی کے مزاج میں بڑی شفقت اور ہمدردی تھی۔۔ سب کے ساتھ مل کر رہتی تھی۔ تمام لڑکیاں اسکول میں اسے بہت پسند کرتی تھیں اور بڑی بہن کہہ کر مخاطب کرتی تھیں۔ رتن بائی کے اعلیٰ کردار کی وجہ سے اچھے گھرانوں کی لڑکیوں کی ٹیوشن بھی انہیں مل جاتی تھی غرض اچھا گزارا ہو رہا تھا۔

رتن بائی اور حلیمہ بائی میں محبت اور انسانیت کا رشتہ تھا۔ رتن بائی جب بھی نیا آباد اور لکڑی کی طرف اپنی شاگردوں سے ملنے جاتی تو حلیمہ بائی کے پاس ضرور جاتی تھی۔ ان علاقوں کے غریب لوگ تو گویا اس کے منتظر ہوتے تھے۔ کوئی خط لکھواتا تھا تو کوئی خط پڑھواتا تھا۔ اسی لیے رتن بائی کی اس علاقے میں بڑی عزت تھی۔ اگر کسی گھر میں بیمار ہوتو رتن بائی اس کے لیے دوا بھی لا دیتی تھی۔ حلیمہ بائی اور اس کے گھر کی ہر بات رتن بائی کے علم میں تھی اسی لیے وہ اس گھر سے گہری انسیت رکھتی تھی اور ان دونوں ساس بہو کے پاس بار بار چکر لگاتی تھی۔ پاکستان کے قیام سے پہلے ہاشم، حلیمہ بائی اور رابعہ پوربندر میں رہتے تھے۔ پوربندر میں ہاشم ایک سیٹھ کے ہاں ملازم تھا۔ ملازمت چھوٹ گئی تو وہ پھیری لگانے لگا۔ مزاجاً بے وقوف سا تھا مگر اپنی ماں حلیمہ بائی سے بہت پیار کرتا تھا۔ اپنے والد کے انتقال کے بعد اس نے ماں کا بہت خیال رکھا تھا۔ کبھی ان کی خدمت یا علاج معالجے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی تھی۔ ابھی پاکستان بنا بھی نہیں تھا یعنی قیام پاکستان سے ایک سال پہلے رابعہ سے ہاشم کی شادی ہوگئی تھی۔ رابعہ یتیم تھی۔ اس کی خالہ نے اسے پالا پوسا تھا اور اس عمدہ تربیت کی تھی۔ گویا رابعہ بھی غریب گھر کی تھی اور ہاشم بھی غریب گھر کا تھا۔ اس لیے شادی آسانی سے ہوگئی۔ رابعہ کی خالہ نے رخصتی کے وقت حلیمہ بائی سے کہا تھا" بے ماں باپ کی یتیم بچی ہے۔ اگر کوئی غلطی ہوجائے تو معاف کردینا۔ اسے بہو کے بجائے اپنی بیٹی سمجھنا۔"

پھر پاکستان بن گیا تو ہاشم اپنی ماں اور بیوی کو ساتھ لے کر کراچی چلا آیا۔ رابعہ کی خالہ عائشہ اپنی بھانجی کی جدائی پر افسردہ تو بہت ہوئی مگر وہ کیا کرسکتی تھی، اس نے رابعہ کو ہاشم کے حوالے کردیا تھا۔ اب رابعہ کا نصیب اسے جہاں لے جاتا، اسے جانا تھا۔ پوربندر سے چلتے وقت حلیمہ بائی نے عائشہ سے اصرار کیا کہ وہ بھی اس کے ساتھ پاکستان چلے مگر عائشہ نے منع کردیا تو حلیمہ بائی نے اس سے کہا" تم رابعہ کی فکر مت کرنا۔ یہ میری بیٹی ہے، سگی بیٹی! میں مرتے دم تک اس کی حفاظت اور خیال کروں گی۔"

کراچی آنے کے بعد ہاشم اور اس کی فیملی نے بڑی مشکلات کا سامنا کیا۔ نیچے زمین تھی اور اوپر کھلا آسمان۔ سوائے اللہ کے کوئی اور سہارا تھا نہ آسرا۔ بڑی مشکل اور پریشانی کے بعد نیا آباد کے ایک انتہائی گندے اور غلیظ علاقے میں انہیں ایک چھوٹے سے کمرے کا مکان مل گیا جس کا کرایہ 20 روپے تھا۔ اس وقت ہاشم اور اس کی فیملی کو ایسا لگا جیسے انہیں بنگلہ مل گیا ہو۔ وہ لوگ خوشی خوشی اس گھر میں منتقل ہوگئے۔ ہاشم سارا دن محنت مزدوری کرتا اور رات کو تھکا ہارا گھر آتا تو جو بھی روکھی سوکھی ملتی، اسے کھا کر سو جاتا تھا۔ پھر صبح اٹھتا تو حسب معمول مزدوری کی تلاش میں نکل جاتا۔ روز کنواں کھودنا روز پانی پینا۔ ہر روز ایک نئی آس، نئی امید بندھتی جو رات ہوتے ہوتے ٹوٹ جاتی۔ اسی طرح کے حالات میں تین سال گزر گئے۔ اس دوران ایسا ہوا کہ حلیمہ بائی کے ایک دور کے رشتے دار کریم سیٹھ افریقہ سے کراچی پہنچے۔ وہ بڑے سیٹھ تھے۔ غریبوں کو کیا منہ لگاتے مگر حلیمہ ایک امید ایک آسرے پر ان کے پاس پہنچی اور ان سے التجا کی" کریم سیٹھ! مجھے تم سے اپنے لیے تو کچھ نہیں چاہیے۔ جس طرح دوسرے جی رہے ہیں میں بھی جی رہی ہوں۔ لیکن اگر میرے ہاشم کو کہیں ملازمت دلوا دو یا اپنے ساتھ افریقہ لے جاؤ تو میری نسلیں بھی تمہارا احسان یاد رکھیں گی۔ میں چاہتی ہوں کہ ہاشم اور اس کی بیوی سکھی رہیں۔ میرا اللہ حافظ ہے۔" حلیمہ کے کہنے پر کریم سیٹھ نے ہاشم کو اپنے ہاں ملازم رکھ لیا۔ دو ماہ بعد کریم سیٹھ افریقہ روانہ ہوئے تو وہ ہاشم کو بھی اپنے ساتھ لے گئے۔۔ ہاشم ایسا گیا کہ آج اسے گیارہ سال ہوگئے تھے مگر اس نے پلٹ کر نہ ماں کی خبر لی اور نہ اپنی خبر دی۔ اس دوران حلیمہ بائی کے کانوں تک لوگوں کی آوازیں پہنچتی رہیں۔ مثال کے طور پر کسی نے کہا تھا:" ہاشم تو اڑ گیا۔ اب وہ افریقہ سے واپس آنے والا نہیں ہے۔ وہاں وہ دولت میں کھیل رہا ہے۔"

کسی نے کہا: "ہاشم کو آزاد پنچھی والے مزے لگ گئے ہیں۔ وہ اب ماں اور بیوی کا بوجھ کیوں اٹھائے گا اسی لیے واپس نہیں آ رہا۔"

ایک عورت نے تو حد ہی کر دی تھی۔ اس نے حلیمہ بائی سے کہا تھا "حلیمہ! تو اپنی بہو کو اپنے سینے سے لگائے بیٹھی ہے جبکہ ہاشم نے وہاں افریقہ میں دوسری شادی کر لی ہے۔ تو آج بھی اس کے واپس آنے کی امید رکھے ہوئے ہے؟ اسے بھول جا۔"

حلیمہ نے ان باتوں پر ذرا بھی کان نہیں دھرے۔ وہ ان باتوں کے جواب میں صرف اتنا کہتی تھی: "کہنے والوں کی زبانیں کون روک سکتا۔ جنھیں فضول بکواس کرنے کی عادت ہو، وہ ایسا کرتے رہتے ہیں مگر میرا بیٹا ایسا نہیں ہے۔ وہ بہت سیدھا سادہ اور میرا فرماں بردار ہے۔ وہ ضرور واپس آئے گا۔ میرا ہاشم مجھے کبھی نہیں بھول سکتا۔"

ان گیارہ برسوں کے دوران حلیمہ بائی نے ہاشم کو ایک آدھ نہیں، دو چار نہیں بلکہ کوئی گیارہ بارہ درجن خط تو لکھوائے ہوں گے مگر اس نے کسی ایک کا بھی جواب نہیں دیا تھا۔ پھر حلیمہ نے کریم سیٹھ کو بھی خط لکھوائے جو اسے اپنے ساتھ لے کر گیا تھا مگر وہاں سے بھی جواب نہ ملا۔ رابعہ اور حلیمہ دونوں روزانہ پانچوں وقت کی نماز پابندی سے ادا کرتی تھیں۔ حلیمہ بائی تو اکثر نفلی روزے بھی رکھتی تھی، منتیں بھی مانتی تھی اور روپے پیسے کی کمی کے باوجود پیٹ پر پٹی باندھ کر نذر نیاز بھی کرتی تھی مگر کچھ نہیں ہوا۔ نہ ہاشم نے کوئی رابطہ کیا اور نہ اپنی ماں کے کسی خط کا جواب دیا۔

ماں بھی عجیب چیز ہوتی ہے۔ اسے اپنی اولاد پر بہت بھروسہ اور اعتماد ہوتا ہے۔ وہ کھلی آنکھوں سے سب کچھ دیکھنے کے بعد بھی اپنی اولاد کو کبھی غلط تسلیم نہیں کرتی۔ یہی حال حلیمہ بائی کا تھا۔ وہ اب بھی یہی کہتی تھی: "میرا ہاشم ایسا نہیں ہے۔ اس کا خط ضرور آئے گا۔ پردیس کا معاملہ ہے، نہ جانے کس پریشانی میں ہو۔ مگر وہ اپنی ماں کو نہیں بھول سکتا۔ فرصت ملے گی تو مجھے ضرور خط لکھے گا۔" اس طرح کی باتوں سے حلیمہ بائی اپنے دل کو بھی تسلی دے لیتی تھی اور اپنی بہو رابعہ کو بھی کسی حد تک مطمئن کر دیتی تھی۔ دونوں ساس بہو ایک دوسرے کو تسلی دیتے ہوئے وقت گزار رہی تھیں۔ اکثر برادری کی جماعت کے حوالے سے یہ خبریں آتی تھیں کہ جماعت برادری کے تمام بے گھروں کو گھر فراہم کرے گی۔ حلیمہ بائی اپنی بہو سے کہتی رہتی تھی: "اب تو اخبار میں بھی خبر آ گئی ہے کہ برادری کے گھر سے محروم لوگوں کے لیے پوربندر کالونی تیار ہو رہی ہے۔ رتن بائی کہہ رہی تھی کہ اس کالونی میں ہمیں بھی گھر ملے گا کیونکہ جماعت والوں کے پاس ہمارا نام بھی لکھا ہوا ہے۔ اب بہت جلد میرا ہاشم بھی افریقہ سے آ جائے گا۔ وہ اپنے ساتھ ڈھیر ساری دولت لائے گا تو ہمارے دکھوں کے دن ختم ہو جائیں گے۔ اس کے بعد ہم سب سکھی رہیں گے۔ ہم اس طرح دوسروں کے گھروں میں کام نہیں کریں گے۔ اللہ تعالیٰ ہمارا آنگن بھی خوشیوں سے بھر دے گا۔" کہتے کہتے حلیمہ بائی اپنی بہو رابعہ کو مخاطب کر کے کہتی: "اور بہو ایک بات کان کھول کر سن لو۔ میں ایسے نہیں مروں گی۔ میں تو اپنے پوتے پوتیوں کو پال پوس کر ان کی شادیاں کرنے کے بعد ہی مروں گی۔"

رابعہ غریب اپنی ساس کی ان باتوں کو سن کر خوش بھی ہو جاتی تھی اور بچوں کے تذکرے پر اسے عجیب سی جھرجھری ہونے لگتی تھی مگر وہ زبان سے کچھ نہیں کہہ پاتی تھی۔ اس کے دل میں تو شوہر کی جدائی کی آگ جلتی رہتی تھی۔ اس کی آنکھوں سے نکلنے والے آنسو اس آگ کو ٹھنڈا کرنے کی کوشش کرتے تھے۔ ہاشم آئے گا یا نہیں...... اس کے بارے میں رابعہ کچھ سوچتی ہی نہیں تھی کیونکہ اس کے دل و دماغ نے سوچنے سے انکار کر دیا تھا مگر ایک امید ضرور تھی اور اسی کے سہارے وہ خود بھی جی رہی تھی اور اپنے پورے گھر کا بوجھ بھی اٹھائے ہوئے تھی۔ اس نے اپنے گھر کے سب کام بھی اپنے ذمے لگا رکھے تھے، ساس کی خدمت بھی کرتی تھی اور غیروں کی چاکری بھی کرتی تھی۔ ادھر حلیمہ بائی کے دل میں بار بار وسوسے آتے تھے۔ وہ ہاشم کے پیچھے اڑ کر افریقہ تو نہیں جا سکتی تھی مگر اس کے لیے فکر مند ضرور تھی۔ کبھی کبھی اسے کسی گڑبڑ کا احساس ہوتا تھا مگر کچھ کر نہیں سکتی تھی

۔ رابعہ کی حالت بھی ساس سے جدا نہ تھی۔ اسے بھی ہاشم کے حوالے سے پریشانی نے گھیر رکھا تھا۔ ماں کے خط کے جواب نہ دینا طرح طرح کے شکوک وشبہات کو جنم دے رہا تھا۔ اس موقع پر دونوں ساس بہو ایک دوسرے کے لیے تسلی کا ذریعہ بھی تھیں اور دکھ دھارس کا سبب بھی۔

ایک دن حلیمہ بائی نے نماز پڑھنے کے بعد دعا کے لیے ہاتھ اٹھائے تو ہچکیوں سے رونے لگی: "اے اللہ! میری اس بہو پر رحم فرما۔ اس دکھیاری کے دل کو چین دے۔ مجھے اس سے شرم آتی ہے۔ کیا یہ میری بہو بن کر اس گھر میں اس لیے آئی تھی کہ میری بھی نوکری کرے اور میری خاطر غیروں کی ملازمت بھی کرے۔"

اس روز حلیمہ نے کچھ ایسے رقت انگیز انداز سے دعا مانگی تھی کہ اللہ تعالیٰ کو اس پر رحم آ گیا۔ دوسرے ہی روز برسوں بعد ہاشم کا خط آ گیا۔ وہ خط پا کر رابعہ اور حلیمہ خوشی سے نہال ہو گئیں۔ ہاشم نے اس خط میں لکھا تھا: "اماں: میں بہت جلد اس ہفتے روانہ ہونے والے اسٹیمر سے آئندہ ماہ کی 14 تاریخ کو کراچی پہنچ رہا ہوں۔ اور یاد رکھنا میں خاص طور سے تمہیں لینے آ رہا ہوں۔ تم میرے ساتھ یہاں افریقہ آؤ گی اس لیے پہلے سے بتا رہا ہوں کہ اپنی تیاری پوری رکھنا۔ بنا سامان وغیرہ پہلے سے ہی سمیٹ لینا۔ تمہیں کچھ چیزیں خریدنی ہوں گی اس کے لیے کچھ روپے میں رجسٹرڈ ڈاک کے ذریعے پہلے سے روانہ کر رہا ہوں۔ اس سے اپنی ضرورت کی چیزیں خرید لینا۔ میں نے یہاں افریقہ میں تمہارے رہنے کا انتظام بھی کر لیا اور کراچی سے تمہارے سفر کے ضروری کاغذات بھی تیار کرا لیے ہیں۔ تم بالکل تیار رہنا کیونکہ میرے پاس زیادہ وقت نہیں ہوگا اور میں تمہیں لے کر جلد ہی واپس روانہ ہو جاؤں گا۔"

یہ وہ خط تھا جو رتن بائی نے پڑھ کر رابعہ اور حلیمہ کو سنایا تھا۔ خط کیا تھا ساس بہو کے لیے خوشیوں اور مسرتوں کا ایک انوکھا پیغام تھا۔ رتن بائی نے خط مکمل کیا تو حلیمہ بائی کی آنکھوں سے آنسوؤں کی جھڑی لگ گئی مگر یہ دکھ یا افسوس نہیں تھے بلکہ یہ تو دلی خوشی کے آنسو تھے جو باہر نکل کر یہ بتا رہے تھے کہ ایک ماں بیٹے کے جواب پر کتنی خوش ہے۔ کچھ دیر تک حلیمہ بائی اس خط کے سحر میں کھوئی رہی۔ ادھر رابعہ کا دل بھی تیزی سے دھڑک رہا تھا۔ پھر حلیمہ نے رتن بائی سے کہا "اس خط کو دوبارہ پڑھو اور اچھی طرح پڑھو۔ میرا خیال ہے تم نے جلدی میں پڑھا ہے اس لیے رابعہ کا نام نہیں لیا۔ کیا ہاشم نے رابعہ کا تذکرہ نہیں کیا؟"

"ماں جی! میں نے یہ خط پورا پڑھا ہے اور جلدی نہیں آرام آرام سے ٹھہر ٹھہر کر پڑھا ہے۔" رتن بائی نے رابعہ سے نظریں چراتے ہوئے کہا "مگر اس میں رابعہ کا نام نہیں لکھا ہے۔ اور پھر سوچنے کی بات یہ ہے کہ کیا ہاشم صرف تمہیں لینے کراچی آ رہا ہے؟ ظاہر ہے وہ تمہارے ساتھ اپنی بیوی کو بھی لے کر جائے گا۔ اگر اس نے رابعہ کا نام نہیں لکھا تو کیا ہوا، ہو سکتا ہے جلدی میں بھول گیا ہو۔"

"کیسے بھول سکتا ہے۔۔۔۔۔ وہ اس کی بیوی ہے۔۔۔ اگر اس کا نام لکھ دیتا تو بے چاری کتنی خوش ہوتی۔" حلیمہ نے تذبذب کے عالم میں کہا "ویسے بھی شوہر کے لیے بیوی کے دل میں کتنے ارمان ہوتے ہیں۔"

"ماں جی! مجھے ایسا لگ رہا ہے کہ ہاشم نے یہ خط بہت جلدی میں لکھا ہے اس لیے بہو کا نام بھول گیا۔" رتن بائی نے کہا "تم سب باتیں چھوڑو اور منہ میٹھا کرو۔ اس وقت اداسی کی باتیں مت کرو۔ آنے والے مہینے کی 14 تاریخ کو ہاشم کا اسٹیمر کراچی کی بندرگاہ پر پہنچ جائے گا۔ تمہارا بیٹا جب تمہاری نظروں کے سامنے ہوگا تو یہ کتنا دلفریب منظر ہوگا۔ اب تم پریشانی کی کوئی بات مت کرو۔ نہ خود پریشان ہو اور نہ بہو کو پریشان کرو بلکہ ہاشم کے استقبال کی تیاریاں کرو۔" رتن بائی کی آواز میں حقیقی خوشی تھی۔ وہ دونوں ساس بہو کو اس موقع پر رنجیدہ نہیں دیکھنا چاہ رہی تھی اس لیے انہیں

مسلسل سمجھا رہی تھی اور کوشش کر رہی تھی کہ وہ اس خوشی کی خبر سے لطف اندوز ہوں۔ رابعہ خوشی سے پھولی نہیں سما رہی تھی۔ وہ جلدی سے باورچی خانے کی طرف دوڑی اور ساتھ ساتھ بڑبڑا رہی تھی "آج رتن بائی نے مجھے زندگی کی سب سے بڑی خوش خبری سنائی ہے۔ میں اس کے لیے موٹی بالائی اور گاڑھے دودھ والی چائے بناؤں گی اور اس سے اس کا منہ میٹھا کراؤں گی۔ آج میرے سہاگ کا خط آیا ہے۔ وہ مجھے اور ماں جی کو اپنے ساتھ افریقہ لے جائے گا۔ اس ملک میں ہم خوب عیش کریں گے اور میں تو خوب اڑی اڑی پھروں گی۔" سوچتے سوچتے اچانک رابعہ کو یاد آیا کہ ہاشم نے خط میں اس کا نام نہیں لکھا۔ اس نے خود کو تسلی دی "خط میں میرا نام نہیں لکھا تو کیا ہوا، وہ مجھے یہاں چھوڑ کر اکیلی ماں کو تو ساتھ نہیں لے جائیں گے نا! میں پہلے سے ہی تیار رہوں گی تاکہ انہیں زیادہ وقت نہ لگے اور میں ان کے ساتھ فوراً چلی جاؤں۔" رابعہ اپنی سوچوں میں گم تھی اور دل ہی دل میں خوب خوش ہو رہی تھی۔ اس کے دل کی کلیاں کھل چکی تھیں۔ اس کے پورے وجود پر جیسے بہار آ گئی تھی۔ ساری اداسیاں، ساری پریشانیاں لمحے بھر کی خبر نے گویا ہوا میں اڑا دی تھیں۔ اب نئے ارمان تھے، نئی امیدیں تھیں، نئی خوشیاں تھیں، نئی آرزوئیں اور نئی تمنائیں رابعہ کو اپنے گھیرے میں لے چکی تھیں۔ اس کا دل گویا رقص کر رہا تھا، وہ خود کو بادلوں سے بھی اوپر پرواز کرتے محسوس کر رہی تھی۔

"لو رتن بہن ...... یہ چائے پی کر اپنا منہ میٹھا کرو۔" رابعہ نے چائے کی پیالی لا کر رتن بائی کے سامنے رکھ دی۔ اسکی آواز میں بلا کی مٹھاس تھی۔ رتن بائی کو اس کے لہجے میں ایک ایسی امید محسوس ہوئی جو اس نے اس سے پہلے کبھی محسوس نہیں کی تھی۔ آج اس کے من کا مور اس کے من میں جس طرح رقص کر رہا تھا اس کے حسن اور کشش کو رتن بائی بھی محسوس کر رہی تھی۔ "رابعہ! افریقہ جا کر مجھے مت بھول جانا۔" رتن بائی نے بہو سے کہا "" جب تمہاری گود بھرے تو مجھے خط لکھ کر ضرور بتانا۔ میں نے دیوتاؤں کی منت مان رکھی ہے۔"

غریب رابعہ یہ سن کر شرما گئی۔ اس نے جلدی سے نظریں جھکا لیں۔ دو تین روز بعد رجسٹرڈ ڈاک کے ذریعے 100 روپے مل گئے جو ہاشم نے افریقہ سے ضروری سامان کی خریداری کے لیے بھجوائے تھے۔ ساس بہو نے مل کر گھر کی صفائی کی اور کچھ چیزیں بھی منگوائیں۔ ہاشم کے آنے میں آٹھ دن رہ گئے تھے۔ حلیمہ بائی نے بہو سے چاول اور چینی منگوائی۔ اس نے کہا تھا کہ جس روز ہاشم آئے گا اس روز وہ اپنے گھر میں زردہ بریانی پکوائے گی۔ انتظار کے لمحات ختم ہوئے اور آخر ہاشم کا اسٹیمر کراچی پہنچ گیا۔ ہاشم جس وقت اپنے گھر پہنچا تو ساس بہو کی خوشی کا کوئی ٹھکانہ نہ تھا۔ ہاشم سوٹ بوٹ میں بابو بنا ہوا تھا۔ رابعہ کو وہ بہت اچھا لگا۔ پہلے سے موٹا بھی ہو گیا تھا۔ مگر حیرت انگیز بات یہ تھی کہ ہاشم نے رابعہ کی طرف نظر اٹھا کر بھی نہیں دیکھا جیسے وہ اس کے لیے اجنبی ہو۔ رابعہ سوچتی رہی کہ شاید شرما رہے ہیں۔ حلیمہ تو بیٹے کو دیکھ کر اتنی نہال ہو رہی تھی کہ اسے یہ اندازہ ہی نہیں ہو سکا کہ ہاشم نے رابعہ کو نظر انداز کر دیا ہے۔ رابعہ نے جلدی سے دری بچھا کر اس پر دسترخوان بچھایا اور پلیٹیں سجا دیں۔ وہ یہ سوچ سوچ کر خوش ہو رہی تھی کہ آج اس کے سر کا تاج اس کے ہاتھ کا پکایا ہوا کھانا کھائے گا۔

کھانا کھانے کے بعد ہاشم اور حلیمہ بائی باتیں کرنے بیٹھ گئے اور رابعہ دروازے کی اوٹ میں کھڑے ہو کر ان کی باتیں سننے لگی۔ جو کچھ اس نے سنا وہ اس پر بجلی بن کر گرا تھا۔ ہاشم اپنی ماں سے کہہ رہا تھا: "ماں میں صرف تمہیں لینے کراچی آیا ہوں۔ رابعہ اب میری ذمے داری نہیں ہے۔ کریم سیٹھ اپنی بیٹی سے میری شادی کر رہے ہیں اور مجھے دکان بھی کرا کے دے رہے ہیں۔ میں یہ سنہری موقع ضائع نہیں کروں گا۔"

"کیا بکواس ہے ...... میں سیٹھ کریم کی بیوی بیٹی سے تجھے شادی نہیں کرنے دوں گی۔" حلیمہ بائی نے لرزتے ہوئے کہا "اب تو واپس نہیں جائے گا۔ ہم یہیں کراچی میں رہ ...... ہم گزارہ کر لیں گے۔ رابعہ۔"

”رابعہ کا نام میرے سامنے مت لو...... اگر وہ تمہیں اتنی ہی عزیز ہے تو اس کے ساتھ رہو۔ میں جا رہا ہوں۔ میں ترقی کے اس موقع کو نہیں کھو سکتا۔“ یہ کہہ کر ہاشم جانے کے لیے اٹھ گیا۔ ”کیا میں نے تجھے اس دن کے لیے پالا تھا؟“ حلیمہ بائی زور سے چیخی ”کیا اس دن کے لیے میں نے اور رابعہ نے پیٹ پر پٹیاں باندھی تھیں؟ تو میرا بیٹا نہیں، میرا بیٹا رابعہ ہے جس نے ہر مشکل وقت میں میرا ساتھ دیا ہے اور میرے لیے بڑی محنت و مشقت کی ہے۔ اگر تو سنہری موقع کو نہیں چھوڑ سکتا تو میں اپنی رابعہ اپنے بیٹے کو نہیں چھوڑ سکتی۔

تیری ماں آج سے تیرے لیے مرگئی...... جا چلا جا...... آئندہ اس دہلیز پر قدم بھی نہ رکھنا۔ کوکھ کے جنے آخر کار پرائے......“

حلیمہ بائی کی آواز لرزتے لرزتے بھرا گئی۔ ایسا لگ رہا تھا جیسے وہ ابھی مر جائے گی۔ ہاشم دولت کے پیچھے اتنا اندھا ہو چکا تھا کہ اپنی ماں کو نظر انداز کر کے سیدھا چلا گیا۔ اسی وقت رابعہ دوڑتی ہوئی آئی اور اپنی ساس کے ساتھ لپٹ گئی اور دونوں ایک دوسرے سے لپٹ کر رونے لگیں۔

کوکھ کے جنے آخر کار پرائے ہوگئے!!!

(بشکریہ: کتاب ”پاکستانی گجراتی ادب“ شائع کردہ: اکادمی ادبیات پاکستان اسلام آباد)

بانٹوا میمن جماعت (رجسٹرڈ) کراچی

زکوٰۃ اور مالی عطیات کے سلسلے میں اپیل

الحمد للہ بانٹوا میمن جماعت (رجسٹرڈ) کی مجموعی کارکردگی آپ کے بہترین تعاون اور کارکنوں کی انتھک کوششوں سے زیادہ بہتر ہے۔ اگر ہم اپنی جماعت کی کارکردگی کا مختصر سا جائزہ لیں تو ہمیں یہ جان کر خوشی ہوگی کہ پچھلے سالوں میں جماعت نے آپ کے تعاون کی وجہ سے خصوصاً مالی امداد میں کافی اضافہ کیا ہے۔ آپ کی جانب سے دی جانے والی زکوٰۃ اور مالی معاونت کی رقوم برادری کے غریب ضرورت مند بھائیوں اور بہنوں کی شادی مدد، آبادکاری، مالی امداد اور تعلیمی امداد کے سلسلے میں بانٹوا میمن جماعت کو بھجوانے کی گزارش کرتے ہیں۔ آئیے ہم سب مل کر جماعت کو مضبوط سے مضبوط تر بنائیں اور اس ضمن میں ہم آپ سے بھرپور اپیل کرتے ہیں کہ آپ ہمارے ساتھ تعاون کریں اور امداد کو جاری و ساری رکھنے کے لئے بڑھ چڑھ کر امداد دیں۔ شکریہ

آپ کے تعاون کا طلب گار

انور حاجی قاسم محمد کاپڑیا

اعزازی جنرل سیکریٹری بانٹوا میمن جماعت (رجسٹرڈ) کراچی

پتا: ملحقہ بانٹوا میمن جماعت خانہ، حور بائی حاجیانی اسکول، یعقوب خان روڈ نزد رابعہ مینشن کراچی

فون نمبر: 32768214 - 32728397

Website : www.bmjr.net

E-mail: bantvamemonjamat01@gmail.com

گجراتی غزل

گجراتی کلام :شرر جوناگڑھی (مرحوم)

اردو ترجمہ :کھتری عصمت علی پٹیل

تیرے در سے جو ٹھکرایا گیا ہوں
محبت پہ میں اکسایا گیا ہوں

ملے شاید سکوں کچھ بعد مردن
میں جیتے جی تو تڑپایا گیا ہوں

محبت کے لئے دنیا بنی ہے
محبت ہی کو ترسایا گیا ہوں

کہاں سے آنکھ میں آنسو ہوں میری
کہ ساری عمر رلوایا گیا ہوں

کرشمہ کاریاں قدرت کی دیکھو
کہاں سے میں کہاں لایا گیا ہوں

فنا ہی میں بقا میری نہاں ہے
جہاں کھویا وہیں پایا گیا ہوں

شرر تقدیر کا چمکا ستارہ
حضور حسن بلوایا گیا ہوں

ایک صحت افزا پودا

تلسی: ہر گھر کی ضرورت ہے

تحریر: سید رشید الدین احمد (مرحوم)، سابق چیف ایڈیٹر ہمدرد صحت


Late Syed Rasheedudin

صرف دوست اور رشتے دار ہی آپ کے دوست نہیں بلکہ آپ کے ماحول میں موجود تمام لوگ اور چیزیں بھی آپ کی دوست ہیں۔ صاف ستھری ہوا، چشموں کا پانی، درخت، پودے، پرندے اور دوسرے جانور ان میں کئی سے آپ دوستی کا رشتہ نبھاتے بھی ہیں۔ گرمی ستاتی ہے تو آپ پانی کی مدد لیتے ہیں۔ شاور کھول کر خوب نہاتے اور نہال ہوتے ہیں۔ گاؤں کی نہر میں ڈبکیاں لگاتے ہیں۔ ہینڈ پمپ کے نیچے بیٹھ جاتے ہیں۔ چشمے اور بہتے پانی میں کھیلتے ہیں۔ درختوں میں جھولے ڈال کر جھولتے ہیں اور ٹھنڈی تازہ ہوا میں گہری سانس لے کر صحت و طاقت کا سامان کر لیتے ہیں۔ چڑیوں کے گیت سنتے ہیں بلکہ ان میں سے کئی کو پنجروں میں بند رکھ کر انہیں چہکتا اور اچھلتا کودتا دیکھ کر خوش ہوتے ہیں۔ کتے، بلی، کبوتر، طوطا، مینا، بکری وغیرہ آپ کے دوست ہی تو ہیں۔

ان کی دوستی آپ کو لطف اور خوشی دیتی ہے۔ اس طرح پودے بھی آپ کے بڑے اچھے دوست بن سکتے ہیں۔ وہ چاہے کیاری میں لگے ہوں، باغ میں ہوں یا گملوں میں ہوں، آپ کے فلیٹ کے بالکونی میں صبح و شام رنگ اور خوشبو بکھیر کر آپ کا دل لبھاتے ہیں۔ ان میں کئی پودے آپ سے دوستی کا حق ایک اور طرح سے بھی ادا کر سکتے ہیں یعنی وہ آپ کی کئی جسمانی بیماریوں کو دور کر سکتے ہیں۔ ایسے دوست پودوں میں تلسی کا پودا بھی شامل ہے۔ یوں تو اس کی کئی قسمیں ہوتی ہیں لیکن تلسی نام کا پودا عام ہے اور اکثر گھروں میں اُگا ہوتا ہے۔ آپ اسے گملوں میں لگے پودے

فروخت کرنے والے یا کسی بھی قریبی نرسری یا "پوداگھر" سے خرید سکتے ہیں۔

تلسی کے خواص جگانے والی خوشبو : تلسی کے پتوں سے خاص قسم کی جگادینے والی خوشبو آتی ہے جس سے مچھر بھاگ جاتے ہیں۔ آپ مسل کر سونگھیں تو بند ناک اکثر اوقات کھل جاتی ہے اور آپ خود کو تازہ محسوس کرتے ہیں۔

ملیریئے کا دشمن : ہم صدیوں سے جانتے ہیں کہ جن گھروں میں اس کے پودے ہوتے ہیں وہاں مچھر نہیں ٹکتے۔ ملیریا سے بچنے کے لئے روزانہ اس کے دو چار پتے دو تین کالی مرچوں کے ساتھ چبا کر کھائے جاتے ہیں۔

کھانسی کا علاج : کھانسی ہو رہی ہو تو تلسی کے پتوں کی چائے پینے یا انہیں چبانے سے فائدہ ہوتا ہے بلکہ یہ کھانسی کے کڑوے شربت اور گولیوں سے زیادہ مفید ہوتے ہیں۔ نزلہ زکام اور سردی کا بخار بھی اس کی چائے سے دور ہو سکتا ہے۔

کان کی تکلیف میں افاقہ : نزلے اور سردی وغیرہ کی وجہ سے کان میں درد ہو تو اس کی تازہ پتیوں کو مسل کر دو چار بوندیں کان میں ٹپکانے سے آرام ہو جاتا ہے۔

گلے کی تکلیف میں آرام : کھٹی میٹھی گولیوں، ٹھنڈی بوتلوں، املی، چورن اور آئس کریم وغیرہ سے بچوں کے گلے اکثر خراب رہتے ہیں۔ تلسی گلے کی تکلیف کے لیے بھی مفید ہوتی ہے۔ اگر روزانہ ایک تازہ پتہ ایک کالی مرچ کے ساتھ چبا کر کھا لیا جائے تو گلے میں تکلیف نہ ہوگی۔ درد اور دکھن ہو تو دن میں اسی ترکیب سے اسے دو تین بار استعمال کریں، جلد فائدہ ہوگا، لیکن ایک شرط ہے، ٹھنڈے پانی اور ترش اور ٹھنڈی چیزوں سے بچنا ہوگا۔

تلسی کے کالے بیج : تلسی میں گہرے عنابی رنگ کے پھول کھلتے ہیں۔ سوکھنے پر ان سے سیاہ رنگ کے بیج نکلتے ہیں۔ انہیں بالنگا کہتے ہیں۔ اکثر فالودہ بیچنے والے ان بیجوں کو بھگو کر شربت اور فالودے میں ملاتے ہیں۔ بھیگ کر یہ لعاب دار ہو جاتے ہیں۔ ان کے پینے سے پیٹ میں گرمی مروڑ وغیرہ کی تکلیف دور ہو جاتی ہے اسی لیے گرمیوں میں انہیں زیادہ استعمال کیا جاتا ہے۔ اس کے بھگوئے ہوئے بیجوں میں دودھ چینی یا روح افزا اور برف ڈال کر پینے سے بڑا سکون ملتا ہے۔ تلسی کہنے کو تو ایک معمولی سا بے زبان خاموش پودا ہے، لیکن اگر آپ اس سے محبت کریں اور مدد لیں تو یہ آپ کا بہت اچھا دوست مفید اور صحت مند ثابت ہو سکتا ہے۔ (بشکریہ: ہمدرد نونہال شمارہ جون 1993ء)

میرے حقوق کیا ہیں

☆ میں اڑ نہیں سکتا کیونکہ ہوا بے حد آلودہ ہے۔

☆ میں تیر نہیں سکتا کیونکہ پانی بے حد آلودہ ہے۔

☆ میں کیا کر سکتا ہوں؟ میرا کوئی مستقبل ہے؟

فرائڈ فش

اجزاء: مچھلی آدھا کلو، نمک حسب ذائقہ، گرم مصالحہ حسب ذائقہ، بیسن ایک چوتھائی پیالہ، دودھ ڈیڑھ پیالی، انڈا ایک عدد (پھینٹ لیں)، لہسن ایک پوتھی (جوے نکال کر باریک پیس لیں)، گھی ڈیپ فرائی کے لیے، دھنیا ڈیڑھ چائے کا چمچہ، اجوائن ایک چوتھائی چائے کا چمچہ، میتھی آدھا چائے کا چمچہ۔

ترکیب: بیسن میں مصالحے، پھینٹا ہوا انڈا، میتھی، اجوائن وغیرہ ملا کر دودھ میں ملا کر آمیزہ بنالیں۔ صاف کی ہوئی مچھلی کو اس آمیزے میں تر کرکے گھی میں تل لیں۔ ڈش کو ٹماٹر اور کھیرے کے قتلوں سے سجا کر پیش کریں۔

کھیر

اجزاء: دودھ ایک لیٹر، چینی ایک پیالی، الائچی، بادام پستے حسب ضرورت، چاول آدھی پیالی، کھویا ایک پیالی، گھی دو کھانے کے چمچے۔

ترکیب: چاولوں کو صاف ستھرے ململ کے کپڑے سے اچھی طرح پونچھ کر گھی ملادیں۔ دودھ کو بارہ سے دس منٹ ابال میں۔ پھر چاول شامل کرکے ہلکی آنچ پر اتنی دیر پکائیں کہ چاولوں کی سوندھی سی خوشبو آنے لگے (درمیان میں وقتاً فوقتاً چمچ چلاتے رہیں)۔ پھر چینی، الائچی، بادام اور پستے شامل کرکے دس سے پندرہ منٹ مزید پکالیں اور چولہے سے اتار کر تھوڑا سا ٹھنڈا ہونے دیں پھر کھویا ملاتے ہوئے بلینڈ کرلیں۔

میٹ ود فرائی ایگ

اجزاء: گوشت مٹن یا بیف ڈیڑھ کلو، چانپ دستی اور ران کا ہو، ادرک (پسا ہوا) ایک چائے کا چمچ، لہسن (پسا ہوا) ایک چائے کا چمچ، ثابت پیاز دو عدد، دار چینی ایک ٹکڑا، بڑی الائچی دو عدد، تیز پتہ دو پتے، پسا سفید زیرہ ڈیڑھ چائے کا چمچ، پسی لال مرچ ایک چائے کا چمچ، ہلدی آدھا چائے کا چمچ، نمک حسب ضرورت، تیل ایک کھانے کا چمچ، انڈے چار عدد، دودھ دو چائے کے چمچ۔

ترکیب: گوشت میں چار کپ پانی، نمک، ادرک، لہسن، پیاز اور ثابت گرم مصالحہ ڈال کر پکنے کے لئے رکھ دیں۔ جب گوشت بہت اچھی طرح سے گل جائے اور یخنی دو چمچ کے برابر ہو تو چھان لیں۔ گوشت علیحدہ رکھ دیں۔ تمام پسے مصالحوں میں یخنی ملالیں ساتھ ہی ایک چمچ تیل بھی اس کو گوشت پر لگا دیں اور آدھا گھنٹہ رکھ دیں۔ انڈوں کو پھینٹ لیں دودھ بھی ساتھ ملالیں۔ ایک ایک گوشت کا پیس اس آمیزے میں ڈبو کر تلیں۔ براؤن ہونے پر اتارلیں۔

آلو پیاز چیز گولڈ سینڈوچ

اجزاء: ابلے آلو دو عدد بڑے سلائس ہوئے، پیاز دو عدد درمیانی سلائس، چیز آٹھ چمچ، ڈبل روٹی سلائس آٹھ عدد، مکھن حسب ضرورت، نمک حسب ذائقہ، چاٹ مصالحہ حسب ضرورت، لال پسی مرچ

حسب ضرورت۔

ترکیب: سب سے پہلے ڈبل روٹی کے چار سلائس پر مکھن لگا کر رکھ دیں اور پھر ان پر آلو اور پیاز کے سلائس رکھیں پھر ان پر چیز، چاٹ مصالحہ، لال پسی مرچ اور نمک ڈال دیں اور پھر باقی بچے ہوئے چار سلائس پر مکھن لگا کر آلو اور پیاز والے ڈبل روٹی کے سلائس پر رکھ دیں اور سینڈوچ میکر میں ٹوسٹ کر لیں۔ کیچپ کے ساتھ سرو کریں۔

آلو کے پکوڑے

اجزاء: آلو ایک پاؤ (گول ورقی کٹے ہوئے)، بیسن ایک کپ، قصوری میتھی ایک کھانے کا چمچ، نمک حسب ذائقہ، سرخ مرچ پاؤڈر ایک چائے کا چمچ، تیل تلنے کے لئے حسب ضرورت۔

ترکیب: بیسن، نمک، مرچیں اور قصوری میتھی مکس کر لیں اور پانی ڈال کر اسے پھینٹ لیں۔ ایک فرائی پین میں تیل گرم کر لیں۔ اب آلو کے ہر ٹکڑے کو پھینٹے ہوئے بیسن میں ڈبو کر پکوڑوں کی طرح فرائی کر لیں۔ ٹماٹو کیچپ کے ساتھ گرما گرم کھائیں۔

گوشت کے دہی بڑے

اجزاء: قیمہ تین سو گرام، بریڈ کرمز چار کھانے کے چمچے، گرم مصالحہ آدھا چائے کا چمچ، ہلدی آدھا چائے کا چمچ، پسی لال مرچ ایک چائے کا چمچ، ادرک لہسن ایک چائے کا چمچ، ہرا دھنیا دو کھانے کے چمچے، پودینہ ایک کھانے کا چمچ، پھینٹی ہوئی دہی ایک کلو، کٹی لال مرچ آدھا چائے کا چمچ، نمک ایک چائے کا چمچ، بھنا اور پسا زیرہ ایک چائے کا چمچ، بھنی اور پسی سونف آدھا چائے کا چمچ۔

ترکیب: قیمے کو بریڈ کرمز کے ساتھ مکس کر کے چوپر میں چوپ لیں۔ اب تمام مصالحے، ہرا دھنیا اور پودینہ مکس کریں۔ پھر اس کے پتلے کباب بنا کر گرم تیل میں فرائی کر لیں۔ اب دہی میں نمک شامل کر کے بیٹ کریں اور کباب کے اوپر ڈالیں۔ آخر میں کباب کو کٹی لال مرچ، زیرہ، سونف اور ہرے دھنیے سے گارنش کر کے سرو کریں۔

سادہ چکن سالن

اجزاء: چکن ایک کلو، ادرک لہسن کا پیسٹ دو کھانے کے چمچے، پیاز دو ڈلی، ہری مرچ دس سے بارہ عدد، دھنیہ پودینہ ایک ایک گڈی، ثابت گرم مصالحہ ایک چائے کا چمچ، دہی ایک کپ، گھی ایک کپ۔

ترکیب: چکن میں دہی اور نمک ملا کر رکھ دیں پیاز فرائی کر کے چورا کر لیں ہری دھنیا پودینہ پیس لیں گھی میں ثابت گرم مصالحہ ڈالیں اور تمام مصالحے ڈال کر دو منٹ بھونیں پھر دہی لگی چکن ڈال کر پندرہ منٹ بغیر پانی ڈالے دھیمی آنچ پر پکائیں۔

چاکلیٹ آئس کریم

اجزاء: کریم 602 اونس، کنسنڈنسٹ ملک 602 اونس، کوکو پاؤڈر تین چائے کے چمچے، فریش ملک ایک کپ، چینی پسی ہوئی دو چائے کے چمچے، چاکلیٹ چپس آدھا کپ۔

ترکیب: کسی پیالے میں کریم ڈال کر اس کے اندر برف رکھ کر اچھی طرح پھینٹ لیں اب اس میں کنسنڈنسٹ ملک، چینی، کوکو پاؤڈر ڈال کر مزید تین منٹ پھینٹ لیں اب اس میں چاکلیٹ چپس ڈال کر چمچ سے فولڈ کر لیں اور کسی پلاسٹک کے برتن میں ڈال کر فریزر میں چار سے پانچ گھنٹے کے لئے جمنے دیں۔

☆ لہسن کھانے کا اہم جزو ہے۔ اس کے بغیر کھانے کا مزہ ادھورا رہتا ہے۔ لہسن کئی بیماریوں خاص کر دل کے امراض سے بچاؤ فراہم کرتا ہے۔ لہسن کے استعمال سے جسم موسمی اثرات سے بھی محفوظ رہتا ہے۔ اس میں قدرتی طور پر اینٹی بائیوٹک اجزاء موجود ہوتے ہیں۔

☆ بند گوبھی کو ابالتے وقت اس میں سرکہ ڈال دیا جائے تو بند گوبھی کی بو دور ہو جاتی ہے۔

☆ گیس کے چولہے پر زنگ لگ جائے تو اسی کے تیل میں بھیگا ہوا کپڑا رگڑیں۔ اس سے زنگ صاف ہو جائے گا۔

کان

٭ایک ڈرائیور اپنے کان میں چابی سے خارش کررہا تھا۔ ایک مسافر کافی دیر سے دیکھ رہا تھا۔ پھر بولا: ڈرائیور صاحب آپ اسٹارٹ نہیں ہورہے تو میں دھکا لگاؤں۔

بھلائی

٭ماں نے بیٹے کو نصیحت کرتے ہوئے کہا یاد رکھنا بیٹا ہم اس دنیا میں لوگوں کی بھلائی کے لیے آئے ہیں۔ بیٹا: امی اور لوگ دنیا میں کیوں آئے ہیں؟

بیس روپے

٭ایک دوست (دوسرے سے) مجھے پچاس روپے ادھار دے دو۔ دوسرا دوست: لیکن میرے پاس صرف تیس روپے ہیں۔ پہلا دوست: لاؤ تیس روپے ہی دے دو۔ بیس روپے تم پر ادھار ہے۔

بھیک

٭لڑکا (فقیر سے) تم بھیک کیوں مانگتے ہو؟ فقیر: تاکہ سخی اور کنجوس کا پتا چل جائے۔

کم عقل

